Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 پیر، 2 اکتوبر 2023ء، 15 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 154

وزیراعلیٰ پنجاب کی قومی دن پر چینی قیادت کو مبارکباد

چین پاکستان کا بہترین ہمسایہ دوست اور سٹریٹجک پارٹنر ہے، چین کی نمایاں کامیابیاں پاکستان سمیت تمام ترقی پذیر ممالک کیلئے قابل تقلید ہے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی

''ایک اور وعدہ پورا''، محسن نقوی نے اپ گریڈیشن کے بعد کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج یونیورسٹی کے ابن سینا ریڈنگ روم اور کیفے ٹیریا کا افتتاح کر دیا

لاہور (سی ایم لنکس) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن پر چین کے صدر، وزیراعظم اور دیگر قیادت کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پاکستان میں چین کے سفیر، چینی قونصل جنرل اور عوام کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ چین پاکستان کا بہترین ہمسایہ دوست اور سٹریٹجک پارٹنر ہے۔ چین کی نمایاں کامیابیاں پاکستان سمیت تمام ترقی پذیر (بقیہ نمبر 29)

پریس کانفرنس
بلوچستان لہولہو
اہلسنت پاکستان

جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ پیر محمد حامد سلطان القادری پریس کانفرنس کررہے ہیں

پاراچنار میں شہید ہونیوالے 5 جوان فوجی اعزاز کیساتھ سپردخاک

شہداء کی نماز جنازہ آبائی علاقوں میں ادا، عسکری حکام اور عوام کی بھرپور شرکت

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق شہید ژوب اور پاراچنار میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پاک فوج کے پانچ جوانوں کو فوجی اعزاز کے ساتھ آبائی علاقوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق شہید اہلکار اٹھائیس اور انتیس ستمبر کو ژوب کے علاقے سمبازا اور پارا چنار میں دہشت گردوں کی فائرنگ کا شکار ہوئے تھے۔ گزشتہ روز شہید حوالدار عبدالستار کا نماز (بقیہ نمبر 30)

کوٹلی ستیاں وین کھائی میں گر گئی، 3 افراد جاں بحق

مقامی افراد کی جانب سے امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں جبکہ ریسکیو ٹیموں کو بھی طلب

کوٹلی ستیاں (این این آئی) کوٹلی ستیاں میں مسافر وین کھائی میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ مسافر وین کے بریک فیل ہونے سے پیش آیا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 33)

نگران وزیراعظم کی انقرہ میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

رجب طیب اردوان کی متحرک قیادت میں ترک قوم اس چیلنج سے مزید مضبوط بن کر ابھرے گی

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اتوار کو انقرہ میں ہونے والے بزدلانہ دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتا ہے۔ نگراں وزیراعظم نے ایکس (سابق ٹوئیٹر) پر اپنے ایک (بقیہ نمبر 32)

مرتضیٰ سولنگی کی عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن پر مبارکباد

آنے والے برسوں میں پاکستان اور چین کے تعلقات کامیابیوں کے مزید سنگ میل عبور کریں گے، نگران وزیراطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے موجودہ سال اور آنے والے برسوں میں پاکستان اور چین (بقیہ نمبر 31)

لاہور نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی پریس کانفرنس کررہے ہیں

کریک ڈاؤن 10 ہزار بجلی چور گرفتار

مجموعی چوری میں 75 فیصد ہونے کے باوجود سندھ اور خیبر پختونخوا میں صرف 725 گرفتاریاں ہوئیں۔ بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف پاور ڈویژن کی کارروائی روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے

لیسکو میں 3 ارب 85 کروڑ روپے ریکور کر کے 2 ہزار 961 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، 9 ہزار 564 ایف آئی آرز درج ہوئیں۔ سیکرٹری پاور ڈویژن راشد لنگڑیال کی بریفنگ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک بھر میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن میں 10 ہزار افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ سیکرٹری پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ مجموعی چوری میں 75 فیصد ہونے کے باوجود سندھ اور خیبر پختونخوا میں صرف 725 گرفتاریاں ہوئیں۔ بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف پاور ڈویژن کی کارروائی روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ سیکرٹری پاور ڈویژن نے کہا کہ ملک بھر سے اب تک دس ہزار بجلی چوروں کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ 23 ہزار 152 ایف آئی آر درج ہوئی ہیں، بجلی چوروں سے مجموعی طور پر 14 ارب 33 کروڑ روپے کی ریکوری ہوئی ہے۔ سیکرٹری پاور ڈویژن کا کہنا تھا کہ لیسکو میں 3 ارب 85 کروڑ روپے ریکور کرکے 2 ہزار 961 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، (بقیہ نمبر 54)

وزیراعلیٰ کا سکول بند کرنے کا فارمولا کام کر گیا، آشوب چشم میں نمایاں کمی

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا سکول بند کرنے کا فارمولا کام کرگیا۔ پنجاب میں آشوب چشم کے مریضوں میں نمایاں کمی آئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے میں پنجاب بھر میں آشوب (بقیہ نمبر 44)

''پنجاب ہاؤس کراچی بنے گا کماؤ پوت''

پنجاب ہاؤس کراچی کا دورہ، ریونیو جنریشن اور اپ گریڈیشن پلان کی منظوری

لاہور (سی ایم لنکس) پنجاب ہاؤس کراچی بنے گا کماؤ پوت، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پنجاب ہاؤس کراچی کا دورہ کیا اور پنجاب ہاؤس کراچی کے ریونیو جنریشن اور اپ گریڈیشن پلان کی منظوری دی۔ پنجاب ہاؤس کراچی گیگراؤنڈ اور فرسٹ فلور کا کرایہ 3 لاکھ روپے ہو گا۔ آن لائن بکنگ کی سہولت بھی میسر ہوگی۔ نجی کمپنیاں اور ادارے (بقیہ نمبر 43)

پولیو کے خاتمہ کیلئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے، ڈاکٹر ندیم جان

ہر پاکستانی کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ انسداد پولیو کی مہم کے دوران مستقبل کی نسل کو محفوظ بنانے کیلئے اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلائیں

پانچ سال تک کی عمر کے 40 ملین سے زیادہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور وٹامن اے سپلیمنٹ دیا جائے گا

اسلام آباد (پینا نیوز) نگراں وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ ملک کو پولیو سے پاک کرنے کیلئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے۔ اتوار کو پی ٹی وی نیوز چینل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ انسداد پولیو کی مہم کے دوران مستقبل کی نسل کو محفوظ بنانے کیلئے اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد (بقیہ نمبر 34)

نگران وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کررہے ہیں

میانوالی میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی مذمت

پولیس اہلکاروں نے بہادری سے لڑتے ہوئے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنایا، نگران وزیر داخلہ

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیرداخلہ سرفراز بگٹی نے میانوالی میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ پولیس کے کہا ہے کہ پولیس اہلکاروں نے بہادری سے لڑتے ہوئے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنایا۔ بہادر جوانوں نے دو دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ جام شہادت نوش کرنے پر پولیس اہلکار ہارون (بقیہ نمبر 45)

اخراجات زندگی بڑھنے کے سبب سونے کی خریداری میں کمی

زیورات چھیننے کے بڑھتے واقعات کی وجہ سے سست نظر آرہی ہے

کراچی (این این آئی) اخراجات زندگی بڑھنے کے سبب سونے کی خریداری میں کمی دیکھی گئی۔ تاجروں کے مطابق شادیوں کا سیزن جاری ہے تاہم (بقیہ نمبر 35)

آئیسکو ریجن میں بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

بجلی چوری اب نہیں بجلی چوروں کو ہونگے اب بھاری جرمانے اور کھانی پڑے گی جیل کی ہوا

ماہ ستمبر میں 77 ہزار سے زائد میٹر چیکنگ، 1330 بجلی چوروں کو پکڑا گیا، 8 کروڑ 95 لاکھ سے زائد کے جرمانے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی کے احکامات کی روشنی میں اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی آئیسکو کے تمام آپریشن سرکل بشمول اسلام آباد راولپنڈی سٹی راولپنڈی کینٹ اٹک جہلم اور چکوال میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے جس میں بجلی چوروں کو نہ صرف بھاری جرمانے کیے جارہے ہیں بلکے انھیں جیل کی ہوا بھی کھانی پڑ رہی ہے۔ 7 ستمبر 2023 سے جاری کارروائیوں کے دوران اسلام آباد سرکل میں دوران چیکنگ 105 اٹک سرکل 289 راولپنڈی سٹی (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگیا

گزشتہ ایک ہفتے میں 2 افراد قتل ہوئے، اقدام قتل کے 8 واقعات رپورٹ ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم کی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ایک ہفتے کے دوران (بقیہ نمبر 46)

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی پاکستان میں دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت

نیویارک (پینا نیوز) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے ان خودکش بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے، جن میں پاکستان میں دو مذہبی تقریبات کو نشانہ بنایا گیا، جب لوگ پیغمبرؐ اسلام کے یوم ولادت کی تقریب میں جمع تھے۔ ایک پریس بیان میں 15 رکنی کونسل کے ارکان نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردی خواہ وہ کسی بھی شکل میں ہو بین الاقوامی امن و سلامتی کے لیے سنگین (بقیہ نمبر 47)

وزیرخارجہ جلیل عباس آج چین کے اہم دورے پر روانہ ہوں گے

جلیل عباس کا افغان وزیرخارجہ ملا امیر متقی سے بھی ملاقات کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیرخارجہ جلیل عباس جیلانی (آج) پیر کو چین کے اہم دورے پر روانہ ہونگے جہاں ان کی افغان ہم منصب ملا امیر متقی سے ملاقات کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کے خارجہ تعلقات کیلئے اگلا ہفتہ (بقیہ نمبر 48)

سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نواز شریف اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.05 فیصد کی معمولی کمی

دال مونگ، ٹماٹر، لہسن، لکڑی، دودھ اور ماچس و دیگر اشیا مہنگی ہوئیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.05 فیصد کی معمولی کمی ہوئی ہے۔ ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.05 فیصد کی معمولی کمی جبکہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 37.33 فیصد رہی، مہنگائی سے سب سے زیادہ متاثر (بقیہ نمبر 36)

سندِ امتیاز

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی قومی کتب مقابلہ سال 2023ء کی تقریب میں منتخب شعراء کو ایوارڈ دے رہے ہیں

راولپنڈی وومن چیمبر میں سالانہ جنرل میٹنگ کا انعقاد

جنرل سیکرٹری نے آڈٹ اور اخراجات کی رپورٹ پیش کی اور ایک سالہ سرگرمیوں پر روشنی ڈالی، صبوحی حسین قائمقام صدر تعینات

ایگزیکٹو اور جنرل ممبران کا رفعت شاہین پر عدم اعتماد کا اظہار، مس نفیسہ شاہ رخ سینئر نائب صدر اور مس شبانہ اجمل قائمقام نائب صدر کے طور پر کام کرینگی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام سالانہ اے جی ایم (سالانہ جنرل میٹنگ 2023) کا انعقاد گزشتہ روز صنعت زار ہال میں ہوا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جنرل سیکرٹری جنید یوسف نے سالانہ سرگرمیوں، آڈٹ اور اخراجات کی رپورٹ اور دل پاکستان نمائش کی رپورٹ پیش کی جسے متفقہ طور پر منظور کیا۔ تقریب کے (بقیہ نمبر 49)

قومی کتب مقابلہ سال 2023ء کی پروقار تقریب کا انعقاد

صدر پاکستان عارف علوی نے منتخب شعرا کو ایوارڈ اور نقد انعام سے نوازا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے زیر اہتمام قومی کتب مقابلہ سال دو ہزار تیئیس کی پروقار تقریب (بقیہ نمبر 57)

نواز شریف کو پاکستان میں سیاست کا حق ہے، مولانا فضل الرحمن

پی ٹی آئی کا ایجنڈا پاکستانی نہیں، اب عمران خان کا کوئی مستقبل نہیں ہے، جمعیت علمائے اسلام کے کارکن انتخابات کی تیاری جاری رکھیں

دہشت گردی کو سختی سے کچلنے کے لیے نگران حکومت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، میڈیا سے گفتگو

ساہیوال (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے امیر مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو ملکی سیاست میں نہیں ہونا چاہیے، پی ٹی آئی کا ایجنڈا پاکستانی نہیں ہے اور اب عمران خان کا کوئی مستقبل نہیں ہے، نواز شریف سابق وزیراعظم ملک میں آنا چاہتے ہیں انہیں یہاں سیاست کرنے کا حق ہے، جمعیت علمائے اسلام کے کارکن انتخابات کی تیاری جاری رکھیں۔ انہوں نے یہ (بقیہ نمبر 37)

ایک لڑکی الحمراء آرٹ کونسل میں نصب مجسمے کے ساتھ تصویر بنوا رہی ہے

اسلام آباد، سی ٹی ڈی کا سرچ آپریشن، 800 افغان باشندے گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے سرچ آپریشن کر کے 800 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق 400 افغان باشندوں کو پروف آف ریزیڈنس پر رہا کر دیا گیا، زیر حراست 375 افغان (بقیہ نمبر 50)

او جی ڈی سی ایل کا سالانہ منافع 224 ارب روپے ریکارڈ

آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی نے 23-2022 کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی (این این آئی) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی (او جی ڈی سی ایل) نے 23-2022 کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا۔ اعلامیے کے (بقیہ نمبر 58)

تیل کمپنیوں اور ڈیلرز کا مارجن مزید بڑھا دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پٹرول اور ڈیزل پر تیل کمپنیوں اور ڈیلرز کا مارجن مزید بڑھا دیا۔ ذرائع کے مطابق پٹرول اور ڈیزل پر مارجن میں 88 پیسے فی لیٹر مزید اضافہ کر دیا گیا ہے، تیل کمپنیوں (بقیہ نمبر 51)

ایک ایک انچ پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرنا پڑا تو کرینگے، جان اچکزئی

مستونگ دھماکے کے شہداء کے لواحقین کو 15 لاکھ روپے دیے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) نگراں صوبائی وزیر اطلاعات بلوچستان جان اچکزئی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف ایک ایک انچ پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے صدر احسن ظفر بختاوری کا دورہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے موقع پر صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق اور گروپ لیڈر سہیل الطاف دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، چوری میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم سے چوری شدہ لیپ ٹاپ اور 7 ہزار روپے برآمد کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ لیپ ٹاپ اور 7 ہزار روپے برآمد کرلیے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کی شناخت سیف اللہ خان کے نام سے ہوئی، ملزم سے چوری (بقیہ نمبر 38)

منشیات فروشی میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزم گرفتار، مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ کوہسار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزم کو گرفتار کرکے قبضہ سے تین کلو منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 39)

شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

07 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 07 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے ملزم صفدر سے 15 لیٹر شراب، مورگاہ پولیس نے ملزم منصور سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نیوٹاؤن پولیس نے (بقیہ نمبر 41)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ریس کورس پولیس کی کارروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب (بقیہ نمبر 40)

گیس چوروں کیخلاف مسلسل کارروائیوں کا سلسلہ جاری

گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن میں پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 178 گیس کنکشن منقطع

204 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کیے گئے اور 54 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کر دیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 178 گیس کنکشن منقطع کردیے، 204 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کردیے گئے۔ گیس چوری میں ملوث افراد پر 54 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کردیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 08 گھریلو کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 05 کنکشن منقطع کیے گئے۔ گیس چوری کے خلاف 0.301 ملین کی رقم بک کی۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے (بقیہ نمبر 53)

گیس چوری کیخلاف کی گئی کارروائیوں کے دوران غیر قانونی کنکشن منقطع کردیے گئے

حوالہ ہنڈی اور کرنسی اسمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

کروڑوں روپے مالیت کی ملکی وغیر ملکی کرنسی برآمد، ملک بھر میں 170 مقدمات درج

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کا حوالہ ہنڈی اور کرنسی اسمگلرز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ حکام کے مطابق ایف آئی اے نے 6 ہفتوں کے دوران 172 چھاپہ مار کارروائیوں میں درجنوں ملزمان کو گرفتار کرکے 67 کروڑ 16 لاکھ روپے مالیت کی ملکی و غیرملکی کرنسی برآمد کرلیا۔ ایف آئی اے (بقیہ نمبر 59)

کراچی میں شہریوں کی فائرنگ سے 3 مبینہ ڈاکو ہلاک، 4 زخمی

موٹر سائیکل سوار 4 ڈاکو کسی شہری سے لوٹ مار کر کے فرار ہوئے تھے

کراچی (این این آئی) ڈکیتی کی وارداتوں پر قابو پانے میں پولیس کی ناکامی کے بعد شہری کھل کر سامنے آگئے۔ نامعلوم شہریوں نے ایک ہی رات میں مختلف علاقوں میں فائرنگ کرکے 3 مبینہ ڈاکوؤں کو ہلاک اور 4 کو زخمی کردیا اور اپنا لوٹا ہوا سامان لے کر پولیس کو اطلاع دیے بغیر چلے گئے۔ تفصیلات کے مطابق جیل چورنگی پل کے نیچے ہفتہ اور اتوار (بقیہ نمبر 60)

لیڈی منشیات فروش سمیت 08 ملزمان گرفتار، 10 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، لیڈی منشیات فروش سمیت 08 ملزمان گرفتار، 10 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ملزمہ رشیدہ بی بی سے 01 کلو 360 گرام چرس، ملزم نعیم شہزاد سے 02 کلو 40 گرام چرس، ملزم ارباز (بقیہ نمبر 42)

لاہور، بادامی باغ کے علاقے میں لیسکو کا ہائی وولٹیج تاروں کا پول ایک طرف جھکا ہوا ہے

ABC Certified
عوام کی بے ساختہ للکار
MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

یو این سیکرٹری جنرل کی اقوامِ عالم کو یاددہانی

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ تباہ کن سیلاب کی وجہ سے پاکستان میں بدترین معاشی بحران پیدا ہوا' عالمی اداروں کو سیلاب کے بعد پاکستان سے کئے گئے وعدے پورے کرنے چاہئیں جبکہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ پاکستان سے کئے گئے امداد کے وعدوں پر عمل درآمد یقینی بنائے ،ان کا کہنا تھا کہ عالمی برادری نے پاکستان کی تعمیر نو اور بحالی کیلئے 16.4 ارب ڈالر کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اقوام متحدہ کے 78 ویں جنرل اسمبلی کے صدر ڈینس فرانسس نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنی ایک پوسٹ کے ذریعے سیلاب کی تباہ کاریوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان کی امداد پر زور دیتے ہوئے اسے عالمی برادری کیلئے اخلاقی فریضہ قرار دیا۔ پاکستان میں تباہ کن سیلاب کو ایک سال گزر جانے کے باوجود اب تک لاکھوں بچے بنیادی سہولیات اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مدد کے منتظر ہیں، یہ ہمارا اخلاقی فریضہ بنتا ہے کہ اس امتحان میں پاکستان اور اس کے لوگوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کریں۔ اقوام متحدہ کے رکن ممالک اور یو این سسٹم کو بحالی اور تعمیر نو کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کرنی چاہیے۔

بے شک پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور سیلاب متاثرین کی بحالی میں اقوام عالم نے پاکستان کا کھل کر ساتھ دیا اور بھرپور مالی معاونت کی۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ سیلاب اور بارشوں سے ہونیوالی تباہ کاریوں کے مقابلے میں ملنے والی بیرونی امداد متاثرین کی بحالی کے لئے کافی نہیں۔ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے پوری دنیا میں موسمیاتی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اور اسکی سب سے بڑی وجہ ترقی یافتہ ممالک میں ہونیوالے وہ کیمیائی اور جوہری تجربات ہیں جن سے کرہ ارض کے درجہ حرارت میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سے موسم سرما کا دورانیہ کم اور موسم گرما کا بڑھ گیا ہے۔ ان تبدیلیوں سے سب سے زیادہ پاکستان متاثر ہو رہا ہے جہاں بے موسمی بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں نے نہ صرف پاکستان کو اقتصادی طور پر کمزور کیا ہے بلکہ اسکی زراعت بھی شدید متاثر ہوئی ہے جس سے اسے خوراک کی قلت کا بھی سامنا ہے۔ اسی تناظر میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوترس اور جنرل اسمبلی کے صدر ڈینس فرانسس نے اقوام عالم کو باور کرایا ہے کہ وہ سیلاب کی تباہ کاریوں پر پاکستان سے کئے گئے وعدے پورے کریں جبکہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے بھی اقوام متحدہ پر زور دیا ہے کہ وہ امداد کے وعدوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائے۔

آشوبِ چشم

گلستانِ ساقی
اقصیٰ ساقی
کالم نگار، افسانہ نگار
aqsasaqi31@gmail.com

صحت مند جسم پر انسان کی اولین خواہش ہے اور بلاشبہ صحت مند جسم اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ جسم کا کوئی بھی عضو تکلیف میں ہو لیکن الجھن پورے بدن میں محسوس ہوتی ہے ۔ ہر بیماری مسلمان کے گناہوں کو جھاڑتی ہے اور اللہ تعالی کسی قوم کو ان کی اصل یاد کروانے اور اپنی یاد دلوانے کیلئے بعض اوقات انہیں کسی امتحان میں مبتلا کر دیتے ہیں اور اکثر وہ امتحان یا آزمائش بیماری کی صورت میں ہمارے سامنے آتی ہے۔ حال ہی میں ایک وباء بہت تیزی سے پاکستان میں پھیلتی جارہی ہے جسے عوام "آنکھوں کا وائرس" کے نام سے جانتی ہے دراصل اسے اردو زبان میں "آشوب چشم" کہا جاتا ہے ۔ یہ وباء سب سے پہلے صوبہ سندھ کے بیشتر علاقوں میں پھیلی اور اس کے بعد صوبہ پنجاب کی طرف پھیلتی چلی گئی اور اب پورے ملک پاکستان میں تیزی سے پھیل رہی ہے۔ ہر سال موسم میں کچھ تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں زیادہ بارشوں' سیلابی صورتحال کی وجہ سے اس طرح کی ماحول میں آلودگی پیدا ہوجاتی ہے جس سے چھوٹی' بڑی بیماریاں جنم لیتی ہیں آشوب چشم بھی اسی ماحول کی آلودگی کا ایک کھلا نمونہ ہے ۔ اصطلاح عام میں آشوب چشم آنکھوں کے گلابی پن یا آنکھوں میں پیدا ہونے والی سرخی کو کہا جاتا ہے؛ یہ ایک صحت مند آنکھ کی سفید جھلی کو فوری طور پر لال یا گلابی رنگ میں بدل دیتی ہے اور اس کے بعد الگ الگ طریقوں سے اس میں تکلیف پیدا ہوتی ہے۔ بعض اوقات فقط سوزش اور درد کی شکایت ہوتی ہے جو سر کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے؛ بعض اوقات سوزش کے ساتھ آنکھ میں چبھن بھی محسوس ہوتی ہے اور گاڑھی رطوبت یا پانی بھی آنکھوں سے زائل ہونا شروع ہوجاتا ہے ۔ یہاں ایک بات قابل ذکر ہے صدیوں پہلے ہمارے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ؛ " کوئی بیماری متعدی نہیں ہوتی " اور اب سائنس کی تحقیق کے مطابق کوئی بیماری خود بخود نہیں لگ سکتی البتہ بیماری کے اندر موجود جراثیم متعدی ہوسکتے ہیں اور وہ ایک دوسرے میں منتقل ہونا شروع ہوتے ہیں جس کی وجہ سے بیماری پھیلتی چلی جاتی ہے۔ آشوب چشم یا کسی بھی طرح کی بیماری کے جراثیم پھیلانے والی وجوہات بہت سی ہیں جن میں ماحول کی آلودگی' ایک متاثرہ شخص کی آنکھ میں استعمال ہونے والے چیزوں کا دوبارہ سے استعمال کرنا' گرمی' موسمی حالات' زیادہ رونا' آنکھوں میں کچھ پڑجانے کی صورت میں اسے بار بار ہاتھوں سے رگڑنا وغیرہ اس میں شامل ہے ۔ آشوب چشم یا کسی بھی بیماری سے بچنے کے لئے سب سے پہلے اللہ سے پناہ مانگنی چاہیئے جب تک اللہ نہ چاہیں کوئی انسان کسی احتیاطی تدابیر کو اختیار کر کے بیماریوں سے محفوظ نہیں رہ سکتا؛ اس کے بعد فقط دعا نہیں دوا سے بھی کام لینے کا حکم شریعت ہمیں دیتی ہے اسی لئے اپنی صحت کا خیال خود رکھیں' اردگرد کے دھویں' گندگی سے بچنے کی کوشش کیجئے' متاثرہ شخص کی آنکھوں پر ہاتھ نہ لگائیں اور اگر متاثرہ شخص کو دوا استعمال کروانے میں مدد کریں تو ہاتھوں کو دھوئیں' وباء کے دنوں میں آنکھوں پر چشمہ لگائے رکھیں تا کہ آپ کی وجہ سے کسی دوسرے شخص کو تکلیف نہ ہو۔ اگر کوئی شخص باوجود احتیاط کے بھی اس بیماری میں مبتلا ہوجاتا ہے تو اسے مایوس نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اللہ سے مدد مانگتے ہوئے اپنی آنکھ کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھنا چاہیئے وباء کی حالت میں رطوبت یا پانی کے خارج ہونے کی صورت میں آنکھوں کو کسی سخت کپڑے سے مت رگڑیں بلکہ کسی ململ کے کپڑے یا ٹشو پیپر سے نرم ہاتھوں سے آنکھوں کو صاف کریں' زیادہ روشنی والی جگہوں سے پرہیز کریں جیسے دھوپ میں جانا یا موبائل کی اسکرین کا کم سے کم استعمال کرنا؛ محفل یا شور والی جگہ میں بیٹھنا کیونکہ اس سے آنکھ میں چبھن پیدا ہوتی ہے جس سے آنکھ مزید خرابی کی طرف جاتی ہے ؛ سگریٹ نوشی سے پرہیز کرنا؛ زیادہ تیز مصالحے اور تلی ہوئی چیزوں سے اجتناب کرنا؛ ٹھنڈی غذاؤں اور ہری سبزیوں کا زیادہ استعمال کرنا۔ عموما طبیب اس کا علاج دوا کی صورت میں پیش کرتے ہیں کچھ مخصوص قسم کے ڈراپس معالج آپ کو بتاتا ہے آپ اس کا استعمال کیجئے اور ساتھ ہی ساتھ اپنے دیسی و گھریلو ٹوٹکوں کو بھی لازمی کیجئے اس صورتحال میں برف کے چھوٹے ٹکڑے کپڑے میں لپیٹ کر آنکھوں پر ٹکور کریں اور یہ عمل دن میں کچھ گھنٹوں بعد ضرور دوہرائیں؛ آنکھوں میں عرق گلاب کا استعمال لازمی رکھیں ہر دو سے تین گھنٹے بعد عرق گلاب کے چند قطرے آنکھوں میں ڈال لیں؛ اس کے ساتھ ہی ایک شرعی اور مستحب عمل بھی کرلیں تو زیادہ بہترین ہوگا ہر گھر میں کسی نہ کسی موقعے کیلئے آب زم زم سنبھال کر رکھا جاتا ہے آب زم زم کو کسی ڈراپر میں ڈال کر اس کا استعمال دن میں چار سے پانچ مرتبہ کیجئے اور اللہ سے دعا کیجئے کہ اس پانی کی برکت سے آپ کی آنکھوں کو شفاء نصیب ہوجائے ۔ چونکہ ہمارا دین اسلام بہت خوبصورت مذہب ہے یہ جہاں ہمیں دم درود پر بہت یقین رکھواتا ہے وہیں طبی طور پر بھی علاج کا حکم دیتا ہے بہرحال طبی طور پر بتادیا اب روحانی عمل بھی ذکر کرنا ضروری ہے ویسے تو وبائی امراض کیلئے بہت سی مسنون و مجرب دعائیں روایت کی جاتی ہیں جو ہماری عوام الناس کو یاد نہیں ہوہو پاتیں اسی لئے وبائی امراض کی مسنون دعا کا ایک ٹکڑا ہی یاد کرلیں کافی ہوگا؛ " اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ " ترجمہ: اے اللہ تو میری قوتِ بینائی میں عافیت عطاء فرما' تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ " اللہ تعالی ہر مسلمان کو ہر وباء سے محفوظ رکھیں آمین ثم آمین۔

''سیرت کانفرنس اور مذہبی ہم آہنگی''

ربیع الاول کی امت مسلمہ میں بہت زیادہ

مسعود ماجد سید

اہمیت ہے۔ اس دن، دنیا بھر کے مومنین پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ولادت کا جشن مناتے ہیں، جو اسلامی کیلنڈر کے تیسرے مہینے میں ہوا تھا۔ سبز رنگ، جسے پیغمبر کا پسندیدہ رنگ سمجھا جاتا ہے، مساجد اور جھنڈوں کی زینت بناتا ہے، جو اسلام کی تعلیمات اور اصولوں کی علامت ہے۔ اس دن ہمارے آقا سرور کائنات' فخر موجودات' خاتم المرسلین' رحمۃ للعالمین' شرف کون و مکاں' ہادی دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کا مبارک دن ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت مبارکہ یقیناً تاریخ انسانیت کا وہ موڑ ہے جس کا پیغام یہ تھا کہ اب دنیا میں وہ عظیم انقلاب لانے والی عظیم شخصیت پیدا ہو چکی ہے جسے رب کائنات نے تمام مخلوقات میں سب سے افضل مقام عطا فرما کر سب سے بڑی ذمہ داری نبھانے کے لئے منتخب فرمایا ہے کون نہیں جانتا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے جتنے بھی انبیاء و رسول آئے وہ سب کے سب متعین و محدود وقت اور علاقوں کی طرف مبعوث ہوئے تھے چنانچہ ظاہری بات ہے کہ اس صورت میں ذمہ داری بھی انتہائی محدود ہو جاتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام انسانوں کی طرف نبی و رسول بنا کر بھیجا اور قیامت تک کے لئے یہ منصب دے کر بھیجا اور ساتھ ہی اعلان کروا دیا گیا کہ وہ خاتم النبیین ہے اب ان کے بعد نبوت کا دروازہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند ہو چکا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جس فرد کو تمام انسانوں کے لئے اور قیامت تک کے لئے مبعوث کیا گیا ہے اس کی ذمہ داری کتنی بڑی ہوگی۔ بلاشبہ انہوں نے اس ذمہ داری کو احسن انداز سے نبھایا اس مقصد کے لئے جو قربانی انہیں دینا پڑی انہوں نے بخوشی دے دی۔ حضور اقدس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مکمل اور نیا نظام زندگی لے کر آئے جس کے بعد کسی اور نظام کی حاجت نہیں رہی۔ آپ کو زندگی کے ہر شعبے سے متعلق وہ واضح ہدایات دے دی گئیں جس کے بعد کسی اور ہدایت کی ضرورت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اہل اسلام کے ہاں ہر سال ربیع الاول آتے ہی سیرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اجتماعات اور سیمینارز وغیرہ کا بھرپور انعقاد ہوتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ اجتماعات جس قدر روح شریعت کے مطابق ہواسی قدر نفع مند ہوتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ولادت نبوی کی مناسبت سے بلاشبہ ایسی دینی مجالس کا انعقاد کیا جائے جو روح شریعت کے موافق ہو اور ان میں سیرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عملاً اپنانے کی بھرپور دعوت ہو اور ان مجالس کے انعقاد کا مقصد ہی سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اجاگر کرنا اور اس پر عمل درآمد کے تقاضوں کو سمجھنا ہو۔ اس پرمسرت موقع کی مناسبت سے دنیا بھر کے مسلمان آج اپنے اپنے انداز میں عید میلاد النبی کی خوشیاں مناتے' درود وسلام کی پاکیزہ محفلیں سجاتے' نعت ومنقبت کی مجالس آراستہ کرتے' شان رسالت میں ہدیہ تبریک پیش کرنے کے لئے جلسے جلوسوں کا اہتمام کرتے' مساجد' گھروں' گلی محلوں اور کوچہ و بازار میں چراغاں کرتے اور غرباء و مساکین میں نذر ونیاز تقسیم کرتے ہیں۔ یوں تو اللہ تبارک وتعالیٰ کے فرستادہ تمام نبی اپنا دین' اپنی اپنی شریعت لائے جو بنیادی طور پر اسلام ہی تھا لیکن ان کی تعلیمات میں وقت گزرنے کے ساتھ تحریف وترمیم ہوتی رہی۔ تب خالق کائنات نے اپنی عنایت خاص سے ہر دور اور ہر مقام کے انسانوں کے لئے ہدایت ورہنمائی کا ایسا اہتمام کیا کہ قیامت تک کوئی اس میں سرمو تحریف نہ کر سکے۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن حکیم کی صورت میں جو کلام ربانی اتارا گیا اس کی حفاظت خود اللہ پاک نے اپنے ذمہ لی اور ایسا اہتمام کیا کہ آج تقریباً ڈیڑھ ہزار سال گزرنے کے باوجود قرآن پاک کی ہر آیت لفظ بلفظ لاکھوں حفاظ کرام کے سینوں میں محفوظ ہے۔ یہ اعجاز صرف قرآن کریم کا ہے ۔ دنیا کی کسی دوسری کتاب یا کلام کے بارے میں اس طرح کا دعویٰ تو کجا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ جس عظیم ہستی پر یہ کتاب مبین اتاری گئی ان کا اپنا اسوہ حسنہ اس کے ایک ایک لفظ کی عملی تصویر ہے۔ حضور پاک نے ریاست مدینہ جن خطوط پر استوار کی' وہ اسلامی طرز معاشرت' فلسفہ سیاست اور اصول سفارت کی درخشاں مثال ہے۔ بدقسمتی سے الحاد وارتداد کے موجودہ ماحول میں اسلام کی ابدی تعلیمات سے روگردانی کی بدولت آج عالم اسلام انتشار وافتراق کا شکار ہے۔ پاکستان بھی کئی طرح کے اندرونی و بیرونی خطرات' سیاسی ومعاشی عدم استحکام اور معاشرتی وعمرانی ناہمواریوں سے دو چار ہے ۔ ایسے میں تاجدار حرم نے ریاست مدینہ کے لئے احکامات الٰہی کی روشنی میں طرز حکمرانی کے جو اصول وضع کئے تھے ان کی متابعت کی جائے تو پاکستان ایک ماڈل اسٹیٹ بن سکتا ہے۔ اسی سلسلے میں موجودہ نگران حکومت نے 48 ویں قومی سیرت النبیؐ کانفرنس بارہ ربیع الاول 29 ستمبر 2023ء کو پاک چائنا فرینڈ شپ آڈیٹوریم میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امسال قومی سیرت النبیؐ کانفرنس کا موضوع ،، ملکی معاشی استحکام کیلئے حکمت عملی' سیرت النبیؐ کی روشنی میں '' ہوگا۔ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ مہمان خصوصی ہونگے جبکہ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اختتامی اجلاس میں شرکت کرینگے ۔ اس کانفرنس میں ملک بھر کے جید علماء' مشائخ' اسلامی ممالک کے سفراء بھی مدعو ہونگے ۔ وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد بطور میزبان خطبہ استقبالیہ پیش کرینگے ۔ مقابلہ مقالات وکتب سیرت کیلئے وزارت کو موصول ہونے والے تمام مقالات وکتب کو ابتدائی طور پر وزارت کی سطح پر ایک سکروٹنی کمیٹی مقابلے کے شرائط وضوابط کے مطابق پرکھے گی۔ سال 2023ء کے مقابلہ کتب وسیرت ونعت کیلئے 137 کتب موصول ہوئی ہیں جن میں 31 خوش نصیبوں کو انعامات سے نوازا جائیگا جبکہ 94 مقالات سیرت موصول ہوئے ہیں جن میں انعامات حاصل کرنے والوں کی تعداد 35 ہوگی۔ کانفرنس کے موضوع کی مناسبت سے متعدد عنوانات کا انتخاب کیا گیا ہے ۔ پاکستان کے معاشی استحکام کے لئے سیرت النبی کے مختلف گوشوں سے رہنمائی حاصل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ معاشرے میں سیرت کی ترویج کے لئے تمام صوبوں کو سیرت پروگرامز کا انعقاد کرنا چاہیے۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی پاکستانی معاشرے کی اصلاح اور بہتری کے لئے اپنا کردار ادا کرے اور پوری امتِ مسلمہ پیغمبر اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر اتحاد، اتفاق اور ہم آہنگی کو فروغ دے۔

ظلم کے اندھیرے مٹانے کا ابدی پیغام

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم اسکی عملی تصویر ہے اس میں نہ صرف معاشی ،سماجی انصاف، معاشرتی نظام، حقوق وفرائض سفارتکاری سمیت زندگی کے تمام پہلوؤں کا حل موجود ہے بلکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلام کی انفرادی اجتماعی اور گھریلو زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس سے حیات طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رہنمائی نہ لی جاسکے آپ نے انسان کو غلامی سے نجات دلائی عدل وانصاف سے دلوں پر حکمرانی کی اپنے کردار وعمل سے دشمن کو اپنا گرویدہ بنالیا اہل مکہ نے جس طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ظلم وجبر کے پہاڑ توڑے ہجرت پر مجبور کیا اور سالوں جنگ کرتے رہے لیکن فتح مکہ کے بعد جب آپ مکہ میں داخل ہوے تو سر رب العزت کے آگے جھکا ہوا تھا آپ نے درگزر کیا نجی زندگی ہو یا تجارتی معاملات ہر جگہ آپ کا کردار ایک جیسا ہے ریاستی قوانین سے لے کر انفرادی معاملات تک حکام پر عمل کر کے امت کو عملی نمونہ پیش کیا آپ تمام فیصلے وحی خدا اور پیغمبرانہ بصیرت سے کرتے اسلئے وہ علم انسانی،

تحریر۔۔۔نثار حسین

بصیرت سے بے انتہا بہتر ہوتے ہجرت کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ ائے تو معاشی طور پر لوگ دو حصوں میں تقسیم تھے کچھ مالدار اور کچھ متوسط ان حالات میں محسن انسانیت نے سود کا خاتمہ کیا اور فرمایا کہ تم سب بھائی بھائی ہو یک دوسرے کے کام آ و انصار کو قرضہ حسنہ دینے کی ہدایت کی حضور صلی علیہ وسلم کے فضائل کا احاطہ ممکن نہیں مگر آپ صلی علیہ وسلم کی ذات اقدس سے ظاہر ہونے والے روحانی معجزات وکمالات کا مقصد دلوں میں ان کی عظمت وتکریم کا نقش ثبت کرنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات واطوار اور افعال واعمال سے آپ کے اسوہ حسنہ کے مطالعہ کا موقع ملتا ہے اور اس کی روشنی میں انسان اپنے عمل کی اصلاح کرسکتا ہے اور اپنی زندگی کو انحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے سانچے میں ڈھال سکتا ہے سیرت کا یہ پہلو اطاعت کی ترغیب دیتا ہے سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے قران مجید ہی معیار ہے اس امر میں کوئی اختلاف نہیں کہ قرانی حکام وتعلیمات نبوی اور اخلاق وکردار محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کا سب سے عظیم منبع ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ (مومنو) ں بے شک تمہارے لیے رسول اللہ کی زندگی بہترین نمونہ عمل ہے الاحزاب 33 : 21 وَ مَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ اور (اے رسول) ہم ۔ ے آپ کو سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا الانبیا 21..107 وَ اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ یقیناً آپ کا خلق عظیم ہے القلم 4:6 حقیقت یہ ہے تمام معاشی نظام الگ الگ متضاد نام کے حامل ہونے کے باوجود سارے ایک ہیں اور ان کا بنیادی فلسفہ ایک ہے سب نظام روٹی کی بات کرتے ہیں اور یوں انسان نے معشیت کو ترجیح دے کر خود کو بھلا دیا ہے اور خالق کائنات کی طرف رجوع کرنے کے بجائے ہر مسلہ کا حل خود تلاش کرنا شروع کر دیتا ہے قرآن مجید کا یہ اعلان ہے کہ دنیا کی ہر چیز زمین جائیداد سونا سب کا مالک رب العزت ہے "للہ مافی السموات، فی الارض "ھاں وہ اپنی ملکیت اپنے بندوں کو نفع کمانے کے لئے اس شرط پر دیتا ہے کہ وہ اس کے استعمال میں اللہ کے پابند رہیں اللہ تعالیٰ نے جو کچھ تمھیں دیا ہے اس کے ذریعے آخرت بنانے کی کوشش کرو دنیا میں بھی اپنے حصے کو نظر انداز نہ کرو اور جس طرح تم پر اللہ نے احسان کیا تم بھی دوسروں پر احسان کرو اور زمین پر فساد پھیلانے کی کوشش نہ کرو تاہم اسلامی معاشی نظام میں تجارت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے اور کہا گیا ہے زیادہ رزق تجارت میں ہے اور "زر" یعنی کرنسی حقیقی دولت پر مبنی جنس سونا گندم چاول وغیرہ ہوتا ہے اور یہ سب سود و ہر قسم کے ٹیکس سے پاک ہونا چاہئے اور انسان کو رویوں میں اخرت کو مد نظر رکھنا چاہیے ۔ اسلامی مالیات اور کاروبار کے بنیادی اصول قران وسنت میں بیان کر دیئے گئے ہیں اسلام میں دولت کی تقسیم اور ایک متوازن معاشی نظام کے لئے ضروری ہے کہ سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ کر کے اس سے راہنمائی حاصل کی جائے اور اس پر عمل کر کے جامعہ منصوبہ بندی اور حکمت عملی مرتب کی جائے تاہم موجودہ معاشی مشکلات اور چیلنجز سے نمٹنے کیلئے معاشرے میں عدل وانصاف بھی لازمی ہے

شوبز
SHOWBIZ

عینی طاہرہ نے فلم کی دنیا میں بھی انٹری دیدی

پروڈیوسر خواجہ مختار احمد نے فلم ''بلو بادشاہ'' کی کاسٹ میں شامل کرلیا

لاہور (این این آئی) اداکارہ وگلوکارہ عینی طاہرہ نے فلم کی دنیا میں بھی انٹری دیدی ۔ پروڈیوسر خواجہ مختار احمد نے اداکارہ عینی طاہرہ کو اپنی فلم ''بلو بادشاہ'' کی کاسٹ میں شامل کرلیا ہے۔ جس میں انہیں اہم کردار دیا گیا ہے۔ ''بلو بادشاہ'' عینی طاہرہ کے کیریئر کی پہلی فلم ہے۔ عینی طاہرہ نے بتایا کہ فلم میں مرکزی کردار نبھا رہی ہوں ، فی الوقت کہانی کے بارے میں کچھ نہیں بتاؤں گی لیکن میرا دعویٰ ہے جب یہ میرے پرستار سینما میں فلم دیکھنے آئیں گے تو انہیں مایوسی نہیں ہوگی۔

نوشکا اور ویرات کے ہاں دوسرے بچے کی آمد متوقع

ویرات اور انوشکا کی شادی دسمبر 2017 میں اٹلی کے شہر میلان میں ہوئی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار انوشکا شرما اور سابق بھارتی کپتان ویرات کوہلی کے ہاں دوسرے بچے کی پیدائش متوقع ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے دعویٰ کیا گیا کہ انوشکا دوسری مرتبہ حاملہ ہیں تاہم انوشکا پہلے بچے کی طرح اپنے حاملہ ہونے کا باضابطہ اعلان بعد میں کریں گی۔ بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ انوشکا ان دنوں ویرات کوہلی کے ہمراہ کسی بھی تقریب میں شرکت یا سفر سے گریز کررہی ہیں جو کہ اتفاق نہیں بلکہ اداکارہ کسی بھی قسم کی قیاس آرائیوں سے خود کو دور رکھنے کیلئے عوامی مقامات پر نہیں دیکھی جارہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انوشکا کو حال ہی میں شوہر ویرات کے ہمراہ میٹرنٹی ہوم میں بھی دیکھا گیا ہے، جس کے بعد جوڑے نے پاپارازی سے تصاویر شیئر نہ کرنے کی درخواست کی ہے اور جوڑے کا کہنا ہے کہ وہ اس حوالے سے جلد ہی باضابطہ اعلان کریں گے۔ بھارتی میڈیا کے اس دعوے پر تاحال انوشکا شرما اور ویرات کوہلی کا ردعمل سامنے نہ آسکا ہے۔

بیہودہ رقص کی وجہ سے فیملیوں نے تھیٹر سے ناطہ توڑا' عرفان کھوسٹ

ایسے ڈرامے ہونے چاہئیں جو باپ بیٹی، ماں بیٹا، بہن اور بھائی اکٹھے بیٹھ کر دیکھ سکیں

HT STUDIO
Photography By :

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار عرفان کھوسٹ نے کہا ہے کہ فحش جگتوں اور بیہودہ رقص کی بھرمار کی وجہ سے فیملیوں نے تھیٹر سے ناطہ توڑا ہے ،ضرورت اس امر کی ہے کہ صاف ستھرے تھیٹر کو پھر سے پروان چڑھایا جائے اور ایسے ڈرامے پیش کئے جائیں جو ماں کے ساتھ بیٹا، باپ کے ساتھ بیٹی اور بہن کے ساتھ بھائی ایک ساتھ دیکھ سکیں۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس وقت تھیٹر ہالوں میں پیش کئے جانے والے بیشتر ڈرامے بے حیائی اور لچر پن کو فروغ دے رہے ہیں جن سے ہماری معاشرتی اقدار تباہ ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں اسٹیج ڈراموں میں اصلاح ہوتی تھی اور اس وقت لوگ بھی

امان اللہ خان جیسا کامیڈین دوبارہ پیدا نہیں ہوسکتا' آغا ماجد

میں نے عابد خان مرحوم کے فن سے متاثر ہو کر کام شروع کیا تھا' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈین اداکار آغا ماجد نے کہا ہے کہ امان اللہ خان جیسا کامیڈین دوبارہ پیدا نہیں ہوسکتا، میں نے عابد خان مرحوم کے فن سے متاثر ہو کر کام شروع کیا تھا اور اور انہی کی طرز پر کام کرتا ہوں۔ ایک انٹرویو میں آغا ماجد نے کہا کہ قدرتی طور پر میری ان سے مشابہت بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی کبھی بھی پلیٹ میں رکھ کر نہیں ملتی بلکہ اس کے لئے بڑی جدوجہد کرنا پڑتی ہے ، جتنے بھی کامیاب لوگ ہیں ان سے پوچھ لیں وہ اپنی کامیابی کا راز مسلسل محنت ہی بتائیں گے۔

فضاء علی 5 اکتوبر کو اپنی 39 ویں سالگرہ منائیں گی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و میزبان فضاء علی 5 اکتوبر کو اپنی 39 ویں سالگرہ منائیں گی ۔ فضاء علی 5 اکتوبر 1984 میں سرگودھا میں پیدا ہوئیں اور انہوں نے ٹی وی ڈراموں اور مختلف شوز میں میزبانی کر کے شہرت حاصل کی۔ اداکارہ اپنی بیٹی اور دیگر اہل خانہ کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹیں گی۔

موجودہ دور کی سب سے بہترین ہیروئن سجل علی ہیں' عدنان شاہ ٹیپو

بالی ووڈ میں پروفیشنل ازم کا جواب نہیں، وہ لوگ اپنے کام میں انتہائی سنجیدہ ہیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکار عدنان شاہ ٹیپو نے کہا ہے کہ موجودہ دور کی سب سے بہترین ہیروئن سجل علی کو مانتا ہوں جبکہ عمران اشرف کا شمار خطرناک اداکاروں میں ہوتا ہے ، میں نے لالی ووڈ، ہالی ووڈ اور بالی وڈ میں کام کیا ہے اور میں خوش قسمت ہوں جس نے تینوں جگہ اپنے فن کی صلاحیتوں کو منوایا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بالی ووڈ میں جو پروفیشنل ازم ہیں اس کا کوئی جواب نہیں، وہ لوگ اپنے کام میں انتہائی سنجیدہ ہیں، وہاں ہر کام سلیقے سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری زندگی میں میری اہلیہ اور بیٹیوں کا بڑا اہم کردار رہا ہے جن کی وجہ سے میں نے زندگی کے ہر میدان میں کامیابیاں سمیٹی ہیں، میں ان کے کردار کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا۔

کامیابیوں کے بعد تمام تر توجہ شعبہ طب کی جانب کرلی ہے' سویرا شیخ

میڈیکل کی تعلیم کا آخری سال ہے، حقیقی معنوں میں دکھی انسانیت کی خدمت کرنا چاہتی ہوں

لاہور (این این آئی) اداکارہ و ماڈل سویرا شیخ نے کہا ہے کہ شوبز میں کامیابیوں کے بعد اپنی تمام تر توجہ شعبہ طب کی جانب کر لی ہے ، میں روایتی بیان بازی نہیں کر رہی بلکہ میں حقیقت میں اپنے شعبے کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کرنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل کی تعلیم کا آخری سال ہے جس کے بعد وطن واپس آ کر اس کی پریکٹس شروع کردوں گی، میرا یہ عزم ہے کہ میں غریب اور مستحق لوگوں کیلئے بغیر کسی معاوضے کے فرائض سرانجام دوں گی۔ انہوں نے کہا کہ میرا یہ ماننا ہے کہ اگر خدا کی ذات کی قربت حاصل کرنی ہے تو دکھی انسانیت کی خدمت کی جائے اور شعبہ طب اس کا بہترین ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا آخری سال ہے اور جلد میں ڈاکٹر بن کر دکھی انسانیت کی خدمت کا سلسلہ شروع کردوں گی۔

SPORTS
سپورٹس

مکی آرتھر نے بھارت میں موجود پاکستان ٹیم جوائن کرلی

پاکستان ٹیم کا دوسرا وارم اپ میچ 3 اکتوبر کو آسٹریلیا کے خلاف شیڈول ہے، رپورٹ

حیدرآباد (این این آئی) آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ کے لیے بھارت میں موجود پاکستان ٹیم کو ٹیم ڈائریکٹر مکی آرتھر نے جوائن کرلیا۔ مکی آرتھر انگلینڈ سے کاؤنٹی کرکٹ میں اپنی مصروفیات کے اختتام پر بھارت پہنچے ہیں۔ مکی آرتھر اس سے قبل ایشیا کپ میں چند میچز کے لیے قومی ٹیم کے ساتھ تھے تاہم وہ اب مکمل طور پر پاکستان ٹیم کے ساتھ موجود رہیں گے۔ پاکستان ٹیم کا دوسرا وارم اپ میچ 3 اکتوبر کو آسٹریلیا کے خلاف شیڈول ہے۔ واضح رہے کہ پہلے وارم اپ میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو شکست دی تھی۔

کوئی شک نہیں بابر اعظم بہت بڑا پلیئر ہے، ذکاء اشرف

سرفراز احمد سے زیادتی ہوئی ہے تو ازالہ کریں گے، چیئرمین پی سی بی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) مینجمنٹ کمیٹی ذکا اشرف نے کہا ہے کہ کوئی شک نہیں بابر اعظم بہت بڑا پلیئر ہے، سرفراز احمد سے زیادتی ہوئی ہے تو ازالہ کریں گے۔ ایک انٹرویو کے دوران ذکا اشرف نے کہا کہ ورلڈکپ 2023 میں ابھی وارم اپ میچ ہوا ہے، پلیئرز ایڈجسٹ ہورہے ہیں، ٹیم کم بیک کرے گی، ابھی ورلڈکپ چل رہا ہے، ہماری ساری دعائیں ٹیم کیساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکی آرتھر اور ان کی ٹیم کو میرے آنے سے پہلے رکھا گیا تھا، غیر ملکی کوچز سے معاہدے کی اگر پاسداری نہ کریں تو بورڈ کی بدنامی ہوتی ہے۔ چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی نے کہا کہ مکی آرتھر نے وعدہ کیا ہے کہ وہ پورے ورلڈکپ اور دورہ آسٹریلیا میں دستیاب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈکپ کے بعد تبدیلی ہوگی یا نہیں، اس پر میں ابھی کوئی بات نہیں کروں گا، میگا ایونٹ کے بعد ٹیم کارکردگی کا جائزہ لیں گے اور پھر دیکھیں گے کہ کیا کرنا ہے۔ ذکا اشرف نے کہا کہ بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین آفریدی ٹاپ پلیئرز ہیں جو پاکستان کی خدمت کر رہے ہیں، لیگ کرکٹ کی چک دمک سے انٹرنیشنل ٹیموں کو مشکلات ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینٹرل کنٹریکٹ کی کیٹیگریز کا فیصلہ میں نے نہیں کیا، کرکٹ کے فیصلے کرکٹرز کرتے ہیں، پلیئرز کو زیادہ پیسے اس لیے ہی دیے ہیں کہ وہ پاکستان ٹیم کو ترجیح دیں۔ چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی نے کہا کہ اگر سرفراز احمد یا کسی پلیئر کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے تو ازالہ ہوگا، اگر کسی سے کوئی غلط فیصلہ ہوا ہے تو اس کو ٹھیک کریں گے۔

قومی کرکٹرز سے بھارتی فینز کی ملاقات، تصاویر بھی بنوائیں

قومی کھلاڑیوں کے رویے پر فینز کی کھل کر تعریف، بورڈ نے ویڈیو شیئر کردی

حیدرآباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی حیدرآباد میں فینز سے ملاقات ہوئی جس میں بھارتی فینز نے تصاویر بنوائیں ۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے ویڈیو شیئر کی گئی ہے جس میں قومی کرکٹرز اور کوچنگ اسٹاف نے جیول آف نظام ریسٹورنٹ میں حیدرآبادی کھانوں سے لطف اٹھایا، اس دوران کھلاڑیوں نے فینز سے ملاقات کی اور تصاویر بھی بنوائیں۔ حیدرآباد کے فینز نے پاکستانی کھلاڑیوں کے رویے کی کھل کر تعریف کی جبکہ میدان میں سپورٹ کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ اس دوران ہوٹل انتظامیہ نے قومی ٹیم کے

انتخاب عالم نے بھارتی ٹیم کے اسپنر کلدیپ یادیو کو ورلڈکپ میں شامل اسپنرز میں سب سے بہترین قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان انتخاب عالم نے بھارتی ٹیم کے اسپنر کلدیپ یادیو کو چند روز بعد شروع ہونے والے ورلڈکپ میں شامل اسپنرز میں سب سے بہترین قرار دیا ہے۔ بھارتی خبر ایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے سابق پاکستانی کپتان نے کہا کہ ورلڈکپ کے دوران کلدیپ یادیو اپنی ٹیم کے لیے مڈل اوورز میں کلیدی کردار ادا کرے گا اور پاکستان کے خلاف 14 اکتوبر کو ہونے والے میچ میں بھی کلدیپ یادیو کا کردار نہایت اہم ہو گا۔ انتخاب عالم نے کہا کہ جس طرح بھارت نے ایشیا کپ میں پرفارم کیا اور جس طرح سے فائنل میں سری لنکا کو شکست دی وہ بہت ہی شاندار تھی، لیکن اگر ورلڈکپ کی بات کی جائے تو کلدیپ یادیو آئی سی سی ایونٹ کے دوران تمام ٹیموں کے بیٹرز کا امتحان لے گا۔

سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے متوقع بولرز کی فہرست جاری

بھارت کے 3 بولرز کلدیپ یادیو، جسپریت بمراہ اور محمد سراج شامل ہیں



دبئی (این این آئی) بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے متوقع بولرز کی فہرست جاری کر دی گئی۔ کرکٹ کے معروف جریدے نے 6 بولرز کی فہرست جاری کی ہے جس میں پاکستان کے فاسٹ بولر شاہین آفریدی بھی شامل ہیں۔ فہرست میں بھارت کے 3 بولرز کلدیپ یادیو، جسپریت بمراہ اور محمد سراج شامل ہیں۔ اس فہرست میں آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک اور نیوزی لینڈ کے ٹرینٹ بولٹ بھی شامل ہیں۔ بھارت کے کلدیپ یادیو رواں برس اب تک سب سے زیادہ 33 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں، انہوں نے ایشیا کپ میں پاکستان کے خلاف 25 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ شاہین آفریدی ابتدائی اوورز میں وکٹیں لینے کے لیے شہرت رکھتے ہیں اور جنوبی افریقہ کے سابق فاسٹ بولر ڈیل اسٹین نے بھی شاہین آفریدی کو ورلڈکپ کے ٹاپ بولرز میں شامل کیا

دو روزہ باسکٹ بال کوچنگ ورکشاپ اختتام پذیر ہوگی

فیبا پروگرام کے تحت ورکشاپ میں کوچنگ اسکلز، ٹریننگ سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام انٹرنیشنل باسکٹ بال فیڈریشن فیبا باسکٹ بال فارگڈ پروگرام کے تحت منعقدہ دو روزہ کوچنگ ورکشاپ اختتام پذیر ہوگی۔ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل خالد بشیر کی زیر نگرانی ملتان میں منعقدہ کوچنگ ورکشاپ میں قومی باسکٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ ریاض ملک نے دیگر کوچز سعادت جہانگیر، محمد نوید کے ہمراہ شرکا کو مختلف سیشنز میں کوچنگ اسکلز، ٹریننگ اور باسکٹ بال کھیل کی جدید ٹیکنیک کے حوالے سے آگاہ کیا۔ کوچنگ ورکشاپ کے اختتام پر باسکٹ بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل خالد بشیر اور لکی بیور مجز کے چیف ایگزیکٹو چوہدری سجاد علی کے ہمراہ شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گے۔ ملک میں باسکٹ بال کھیل کے معیار میں بہتری کیلئے پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن فیبا پروگرام کے تحت کوچنگ ورکشاپ مرحلہ وار مختلف شہروں میں منعقد کروا رہی ہے۔

ایشین گیمز، کبڈی مقابلوں کا آغاز (آج) سے ہوگا

پاکستان دفاعی چیمپین ایران کیخلاف مدمقابل ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایشین گیمز میں کبڈی مقابلوں کا آغاز (آج پیر سے شروع ہوگا ، پاکستان کبڈی ٹیم پہلے میچ میں دفاعی چیمپئن ایران کیخلاف مدمقابل ہوگی۔ چین کے شہر ہانگژو میں جاری 19 ویں ایشین گیمز کبڈی ایونٹ کے پہلے میچ میں 2 اکتوبر کو گرین شرٹس دفاعی چیمپئن ایران کے خلاف اپنے سفر کا آغاز کرے گی۔ پاکستان کبڈی ٹیم میں محمد عمران (کپتان)، وقار علی، اخلاق احمد، سجاد شوکت، عادل حسین، مزمل ظفر، مدثر علی، تحسین اللہ، محمد سفیان، عثمان احمد، عمیر خان اور آفاق خان شامل ہیں جبکہ نبیل احمد رانا، بادشاہ گل، محمد کامران ٹیم کے ساتھ کوچ اور منیجر کے فرائض انجام دیں گے۔ ایشین گیمز کبڈی مقابلوں میں پاکستانی ٹیم اپنے ایونٹ کے گروپ بی میں دفاعی چیمپئن ایران، کوریا اور ملائیشیا کے ساتھ ہے جبکہ گروپ اے میں بھارت، جاپان، بنگلہ دیش، تھائی لینڈ اور چائنیز تائپے کی ٹیمیں راؤنڈ رابن فارمیٹ میں مدمقابل ہوں گی۔ گروپ کی ٹاپ ٹو ٹیمیں 6 اکتوبر کو سیمی فائنل میں مدمقابل ہوں گی جبکہ فائنل 7 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ پول راؤنڈ میچز میں 3 اکتوبر کو پاکستان کا مقابلہ کوریا جبکہ 4 اکتوبر کو ملائشیا سے ہوگا۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
02 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی لکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 02 اکتوبر 2023 صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ایس ای ایس، فضل گی، این ڈی سی۔ H-11/4-1، I-10/2، نیو ایکسچینج، کڈنی سینٹر، ڈاکٹر اے کیو خان، اسلامک یونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، جی ٹن ون، جی ٹن ٹو، جی ٹن فور، جی نائن ون، سی ڈبلیواو، ڈھوک نجو، راجہ سلطان، عیدگاہ فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت فیڈر ا اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

عدد موبائل فونز اور آدھا تولہ وزنی سونے کے ٹاپس چرا کر لے گے پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں کا چوری اسکی واردات پر شدید ردعمل پولیس نے نامعلوم چوروں کے خلاف فوری مقدمہ درج کر لیا جبکہ ایک اور واردات میں وہیکل لفٹر جمعہ پڑھنے کے لیے آنے والے شخص کا موٹر سائیکل لے اڑے جبکہ تھانہ مندرہ کی حدود کلیام شریف دربار پر آنے والے متعدد زائرین کو ریلوے پل پر ڈکیتوں نے ناکہ لگا کر اسلحہ کی نوک پر لوٹ لیا گزشتہ کہیں دنوں سے جاری وارداتوں کے اس سلسلے کو پولیس تاحال روکنے میں بری طرح ناکام گزشتہ دنوں مقامی تاجر کو دن دیہاڑے لوٹ کر جانے والے ڈکیت پولیس کی گرفت سے باہر، دیدہ دلیری سے جاری ان وارداتوں کے پیش خیمہ شہری شدید عدم تحفظ کا شکار شہریوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کرنے کا مطالبہ کردیا

بقیہ 2

25 موٹر سائیکل سواروں، 10 گاڑیوں اور 50 گھروں کو چیک کیا جبکہ 1 مشکوک شخص اور 26 غیر ملکی، 1 نائن ایم ایم پستول، 2 ایئر رائفلز، 1 بارہ بور بندوق، 1 سوزوکی راوی گاڑی اور 1 غیر قانونی موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانہ ترنول منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ ترنول کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اسلام آباد، ایف سی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 25 موٹر سائیکل سواروں، 10 گاڑیوں اور 50 گھروں کو چیک کیا گیا، جبکہ 1 موٹر سائیکل، 1 سوزوکی راوی گاڑی، 2 ائیر رائفلز، 1 نائن ایم ایم پستول، 1 بارہ بور بندوق اور ایک مشکوک شخص سمیت 26 غیر ملکیوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ ترنول منتقل کیا گیا۔ آئی سی سی پی او نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 3

نے کہا کہ پاکستان کے خلا میں مستقبل کے حوالے سے حکومت کو مؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 4

جانب سے اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے۔ ستمبر میں پاکستانی کرنسی کی کارکردگی بہترین رہی اور روپے نے دنیا بھر کی کرنسیوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ عالمی ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایک ماہ میں ڈالر کے مقابلے پر پاکستانی کرنسی میں 6.2 فیصد بہتری ائی ہے، ستمبر میں پاکستانی روپیہ دنیا کی نمبرون کرنسی رہا۔ یاد رہے کہ حکومتی اقدامات کے باعث گزشتہ 20 روز کے بعد امریکی ڈالر اپنی سب سے زیادہ قدر سے 17 روپے سے زائد نیچے آچکا ہے۔ دوسری جانب عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے ہدف سے زیادہ محصولات جمع کرنے پر ایف بی آر کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 5

کیا کہ پٹرول کی فی لیٹر قیمت دو سے بھی کم ہونی چاہیے۔ یاد رہے کہ حکومت کی جانب سے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 8 روپے کمی کردی گئی۔ پیٹرول کی نئی قیمت 323 روپے 38 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی جبکہ ڈیزل کی قیمت بھی 11 روپے لیٹر کم کردی گئی۔ نئی قیمت 318 روپے 18 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرول پر 60 روپے اور ڈیزل پر 50 روپے فی لیٹر لیوی برقرار رکھی گئی ہے۔

بقیہ 6

لوگ میدانی علاقوں میں آجاتے ہیں، ان دنوں میں تو وہاں کے لوگ اپنے علاقوں میں ہی نہیں ہوں گے، تو ووٹ کیسے دیں گے؟ اسلئے اس معاملے پر بھی الیکشن کمیشن کو سوچنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں نوید سنائی گئی کہ ملک میں امن قائم ہوگیا ہے لیکن صورت حال یہ ہے کہ کسی بھی امیدوار کیلئے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں الیکشن مہم میں حصہ لینا مشکل ہے اور ہمارے لیے تو ناممکن ہے۔

بقیہ 7

پولیس نے بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے کنڈل پیٹرولنگ پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنادیا ہے، پولیس کی جوابی کارروائی کے بعد دو دہشتگرد ہلاک جبکہ دیگر فرار ہوگئے۔ آئی جی پنجاب کے مطابق دہشتگردوں کے حملے کے خلاف پولیس کی جوابی کارروائی میں ہیڈ کانسٹیبل ہارون خان بھی دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ ایس ایم ڈی لائٹس کے ساتھ سی ٹی ڈی کی ٹیمیں پہنچ گئی ہیں دہشتگردوں کا پیچھا کیا جارہا ہے، اندھیرے اور پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے انتہائی احتیاط کے ساتھ آپریشن کیا جارہا ہے۔

بقیہ 8

روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 14 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم شہزاد علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1100 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ کوہسار پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم شفیق مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 620 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم عاصم رزاق کو گرفتار کو اس کے قبضہ سے 10 بوتلیں شراب برآمد کر لی، تھانہ نون پولیس نے ملزم محمد اعجاز کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 30 بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ کھنہ پولیس نے منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے کے جرم میں چار ملزمان محمد فیصل، سلمان مجاہد، عامر مشتاق اور شاہ زیب کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1,011 سے ہیروئن اور 30 بور پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تھانہ کورال پولیس نے محمد ولید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 30 بور پستول برآمد کر لیا، جبکہ غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے پر ملزم کامران کو گرفتار کر لیا، تھانہ سہالہ پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم صدام حسین کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 400 گرام چرس برآمد کر لیا، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم بلال افضل کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 30 بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے ملزم واصل خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 32 بور ریوالور برآمد کر لیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم محمد ارشد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1120 گرام چرس اور 15 گرام آئس برآمد کر لی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 9

اعجاز سے 5 لیٹر شراب، ملزم ناصر سے 05 لیٹر شراب، صدر واہ پولیس نے ملزم فیاس سے 10 لیٹر شراب، ملزم طاہر سے 5 لیٹر شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جارہی ہیں اس میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 10

پولیس نے ملزم فیاض سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، جاتلی پولیس نے ملزم کاشف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم طارق سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم زین خان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم شفیق سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم نظام اللہ سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر بیرونی پولیس نے ملزم عمران سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم نعمان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 11

آپریشن میں سی ٹی ڈی، ایف سی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 158 مشکوک افراد، 45 موٹر سائیکل سواروں، 08 ہوٹلز اور 40 گھروں کو چیک کیا گیا، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جارہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 12

اور طلبا سمیت ہزاروں کی تعداد میں عاشقان رسول ﷺ نے شرکت کرتے ہوئے محبت مصطفیٰ سے اپنے دلوں کو منور کیا جلوس کے شرکا کیلیے جگہ جگہ میٹھے پانی اور لنگر کی سبیلیں بھی لگائی گی جلوس کا ختم نبوت چوک میں انجمن تاجران سمیت سدا بہار ایم بی اے پیر مختار احمد ملک سہیل مختار سانده چوہدری شہزاد احمد لالا یوسف علامہ قاری افتخار اور فیاض جعفر نے استقبال کیا پیٹروسی این جی پر ملک احمد سانده نے عمرہ آباد میں ملک سبط الحسن ملک عبید سانده چوہدری خالد اور علامہ مولانا درویش احمد سمیت اہل محلہ نے فیصل ٹاون میں قاری مشتاق احمد میاں عظمت ساجد نذر حسین نے کرم آباد میں فوجی محبوب عالم علامہ مولانا قاری طارق رحیم چشتی اور صوفی محمد اشرف نور محمد شاہد سمیت اہل محلہ نے جلوس کا شاندار استقبال کیا جلوس نئی منڈی میں اختتام پذیر ہوا ایس ایچ او تھانہ صدر چٹو کی حافظ عاطف نزیر اور چوکی انچارج حبیب آباد مہر محمد اشفاق کی جانب سے سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے

بقیہ 13

امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی جائے گی۔ ایپکس کمیٹی اجلاس میں مستونگ سمیت دہشتگردی کے واقعات پر بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع نے کہا کہ ایپکس کمیٹی اجلاس میں گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد سے آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ 14

کے تین ڈکیت زخمی حالت میں گرفتار کر لیے، جبکہ ایک ملزم موقع سے فرار ہوگیا جس کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جار ہے ہیں، گرفتار ڈکیت گروہ اسلام آباد اور راولپنڈی میں متعدد ہائی پروفائل اور سنگین نوعیت کے درجنوں مقدمات میں مطلوب تھا، یہ گروہ راولپنڈی میں ایک سیشن جج کے قتل میں بھی ملوث تھا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے ڈکیت گروہ کے خلاف کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش دی اور ان کے لئے انعامات کا اعلان کیا۔

بقیہ 15

ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 16

سے 2 کلو 230 گرام چرس، ملزم شہروز سے 1 کلو 560 گرام چرس، ملزم رضوان سے 1 کلو 120 گرام چرس، ملزم منیر سے 780 گرام چرس، روات پولیس نے ملزم الیاس سے 1 کلو 460 گرام چرس، کہوٹہ پولیس نے ملزم خرم سے 1 کلو 280 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم جواد سے 1 کلو 250 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم عمران سے 1 کلو 110 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم کامران سے 560 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم ذیشان سے 530 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم نعیم سے 300 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 17

میں فائرنگ سے ایک شخص کے قتل کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کو ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری کا حکم دیا، دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کی واردات میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان میں امان اللہ اور نجیب اللہ شامل ہیں، ملزمان نے سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے ظہیر کو قتل کر دیا تھا، ملزم امان اللہ کو شک تھا کہ مقتول ظہیر کے اسکی اہلیہ کے ساتھ مراسم ہیں، نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال بھجوایا گیا ہے، موقع سے شواہد اکٹھے کیے گئے ہیں۔ ملزمان کی فوری گرفتاری پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر اور دھمیال پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 18

دوران افسران وجوانوں کو شہریوں کیلئے ٹریفک کے بہترین انتظامات فراہم کرنے پر شاباش و تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ٹریفک پولیس کے افسران وجوانوں نے شہریوں کی سہولت کیلئے ٹریفک کے بہترین انتظامات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ امن وامان کو یقینی بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا جو قابل تحسین ہے اور یہی وہ خاص دن ہیں جس میں میرے جوان ہر طرح کی سختی کو پس پشت ڈالتے ہوئے عام دنوں سے ہٹ کر فرائض کی انجام دہی کو پہلے سے زیادہ محنت اور ذمہ داری سے سرانجام دیتے ہیں، انکی اپنی ڈیوٹی کے ساتھ فرض شناسی، دیانتداری اور ایمانداری محکمہ پولیس کے تشخص اور وقار کو بحال کرتی ہے اور یہی اچھی کارکردگی انھیں دوسروں سے نمایاں کرتی ہے۔

بقیہ 19

موقع پر کمشنر محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے اور آج ہم اس میں جتنا فعال کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل انتاہی محفوظ اور صحت مند ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی کی بقا کے لیے درختوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ جنگلات کے کٹاو اور شجرکاری مہم کے نہ ہونے کی وجہ سے ماحولیاتی آلودگی حد درجہ بڑھ چکی ہے جبکہ موسموں میں بھی شدت آچکی ہے۔ جو کہ گلوبل وارمنگ کے اثرات ہیں ہم سب کو مل کر ماحول کو بچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پودے لگانا کمال اور اس کو پالنا اس سے بھی زیادہ کمال ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ طلبہ طالبات ہمارا مستقبل اور شجرکاری کے حوالے سے چیمپین ہیں۔ یہ کافی نہیں کہ صرف اپنے حصے کا کام کریں اور گھر جا کر سو جائیں۔ ہمیں دوسروں کو بھی شجرکاری کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہوگا۔ کمشنر نے کالج کے طلباء وطالبات میں پودے تقسیم کئے۔

بقیہ 20

لینے سے قبل ہی ڈی وی آر کا ڈیٹا ڈیلیٹ کیا جاچکا تھا جبکہ ڈی وی آر سے ڈیلیٹ کیے گئے ڈیٹا کی ریکوری بھی نہیں ہوسکی ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی ملزم اسد شاہ اپنے لیپ ٹاپ سے بھی تمام ڈیٹا ڈیلیٹ کر چکا ہے اور ملزم کے بار بار غلط پن کوڈ بتانے سے موبائل فون مکمل لاک ہو چکا ہے۔

بقیہ 21

نمبر میرٹ سے حذف کر دیے۔ اب حافظ قرآن طلبا وطالبات کو اضافی نمبر نہیں دیے جائیں گے۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق حافظ قرآن کو اضافی نمبر پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) احکامات پر ختم کیے گئے۔ پی ایم ڈی سی نے سپریم کورٹ کے 6 رکنی بینچ کے فیصلے کے بعد احکامات دیے۔ حافظ قرآن سے متعلق نئی پالیسی پر عمل درآمد رواں سال داخلوں پر ہوگا۔ خیال رہے کہ اس سے قبل حافظ قرآن کو اضافی 20 نمبر دیے جاتے تھے۔ حافظ قرآن کو 20 نمبر انٹرمیڈیٹ کے نمبروں میں شامل ہوتے تھے۔

بقیہ 22

، سیب 300، انار 350 روپے اور انگور 300 روپے کلو میں فروخت ہوئے۔

بقیہ 23

ورزی کی صورت میں پرانی شرح کے جرمانے ادا کریں گے۔ نئی شرح کے مطابق موٹروے پر بغیر لائٹ گاڑی چلانے کا جرمانہ ایک ہزار روپے سے بڑھا کر پانچ ہزار روپے کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایمرجنسی وہیکل کے راستے میں رکاوٹ بننے کی صورت میں جرمانہ 500 کی بجائے پانچ ہزار ادا کرنا ہوگا، ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر گاڑی چلانے کی صورت میں بھی جرمانہ 750 نہیں اب 5 ہزار روپے دینا ہوگا۔ پرائیوٹ گاڑی پر قانون نافذ کرنے والے اداروں یا پولیس کی غیر قانونی لائٹس لگانے پر جرمانہ 5 ہزار روپے کیا گیا ہے۔ گاڑی پر فینسی نمبر پلیٹ لگا کر موٹروے پر جانے والی گاڑی کو ایک ہزار روپے جرمانہ دینا ہوگا۔ ڈرائیوروں کے لیے اذیت کا سبب بننے والی لائٹس کے استعمال پر 2 ہزار روپے جرمانہ رکھا گیا ہے، سیٹ بیلٹ نہ پہننے والوں کو 1500 روپے جرمانہ دینا ہوگا، موٹروے پر رکنے کے اشارے کی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ 500 کے بجائے 3 ہزار روپے کیا گیا ہے۔ ون وے کی خلاف ورزی کی صورت میں بھی جرمانہ 500 کے بجائے 2500 کیا گیا ہے، تیز رفتاری کی صورت میں جرمانہ 750 سے بڑھا کر 2500 روپے کر دیا گیا ہے، ممنوعہ جگہ سے اوورٹیک کرنے کی صورت میں 300 نہیں اب 1500 روپے جرمانہ دینا ہوگا، دھواں دینے والی گاڑی کو 1250، بغیر رجسٹریشن کی گاڑی کو 2 ہزار روپے، غفلت لاپرواہی کرنے والے ڈرائیورز اور بغیر اشارے کے لائن تبدیل کرنے والے کو ایک ایک ہزار روپے جرمانہ دینا ہوگا۔ موٹروے پر لائن توڑنے کی صورت میں بھی جرمانہ ایک ہزار روپے رکھا گیا ہے۔

بقیہ 24

گرفتار ملزمان سے منشیات کی بھاری مقدار برآمد کی گئی، برآمد کی گی منشیات کی مالیت کروڑوں روپے ہے، منشیات فروشوں کے نیٹ ورک اور سپلائی چین کو توڑا گیا ہے، پہلی مرتبہ منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا اقدام بھی اٹھایا گیا، 300 سے زائد منشیات کے عادی افراد کو علاج کے لئے ہسپتال بھجوایا گیا ہے، شہریوں کی نشاندہی پر بھی منشیات فروشوں اور منشیات پاکٹس کے خلاف کارروائیاں کی گئی ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن میں ایک ماہ کے دوران 700 کے قریب بڑے اور متحرک منشیات فروش کو گرفتار کیا گیا، منشیات فروشوں سے 600 کلو (15 من) سے زائد چرس، 05 کلو سے زائد ہیروئن اور آئس برآمد ہوئی، خصوصی کریک ڈاؤن کے دوران 1400 لیٹر سے زائد شراب بھی برآمد ہوئی، سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ پہلی مرتبہ منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا اقدام بھی اٹھایا گیا، راولپنڈی کے مختلف علاقوں سے منشیات کے عادی افراد کو ہسپتال شفٹ کیا گیا ہے جہاں ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے ان کا علاج معالجہ جاری ہے، 300 سے زائد منشیات کے عادی افراد کو علاج کے لئے ہسپتال بھجوایا گیا ہے، اس ضمن میں نجی رہیب اداروں سے بھی تعاون کی اپیل کی گئی ہے، منشیات کے عادی افراد کو اس مرض سے نجات دلا کر معاشرے کا کارآمد حصہ بنایا جا سکتا ہے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لئے شہریوں سے بھی تعاون کی اپیل کی گئی ہے، شہریوں کی نشاندہی پر بھی منشیات فروشوں اور منشیات پاکٹس کے خلاف کارروائیاں کی گئی ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے مزید کہا کہ شہریوں کی آگاہی کے لئے منشیات کے خلاف مختلف علاقوں میں واک اور سیمینارز بھی کروائے گئے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائی کے احکامات پر بھرپور کریک ڈاؤن کی صورت میں عملدرآمد جاری ہے، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن تسلسل جاری رہے گا، شہری منشیات کے خلاف اس جنگ میں راولپنڈی پولیس کا ساتھ دیں۔

بقیہ 25

خالد قائم خانی بھی موجود تھے۔ محفل میلاد میں نعت خواں محمد رضا اختر اور فراست علی نے بھی ہدیہ نعت پیش کیا اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر ایڈوکیٹ محمد خالد قائم خانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دور میں اعلیٰ کردار کا اگر مالک ہونا ہے تو آپ کو سیرت طیبہ کو اپنی زندگی میں شامل کرنا ہوگا محفل میلاد کا مقصد یہ ہے کہ بچوں کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی سے روشناس کروایا جائے اور بتایا جائے کہ کیسے عرب کے جاہل معاشرے کو دنیا کا معتبر معاشرے محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنایا محفل میلاد میں بچوں نے درود پاک پیش کیا اور آخر میں ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

بقیہ 26

پر ملاقات میں صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق کو آر ڈبلیو ایم سی کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے صدر آئی سی سی آئی احسن ظفر بختاوری نے کہا کہ تاجر برادری پر حکومت کا اعتماد ہماری کمیونٹی کیلئے باعث اعزاز ہے، ہمیں کارکردگی دکھا کر اس انتخاب کو سو فیصد درست ثابت کرنا ہوگا، اب ہمیں صرف کاغذی کارروائیوں کی بجائے ڈیلیور کر کے ثابت کرنا ہوگا کہ جس طرح پہلے ہم سب سے زیادہ ٹیکس دے کر ملکی معیشت کے استحکام میں کردار ادا کر رہے ہیں، اس صفائی کمپنی کی ذمہ داری کو بھی صحیح معنوں میں نبھا کر شہریوں کی صفائی کے حوالے سے مشکلات کو بھی کم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کرینگے، چیئرمین آر ڈبلیو ایم سی و صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق نے آئی سی سی آئی وفد کی آمد اور عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد اور گلدستے پیش کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دونوں شہروں کے تاجروں کا مل بیٹھنا ایک خوش آئند بات ہے، جڑواں شہروں کے چیمبرز بھی جڑواں ہیں اور ان کے مسائل بھی ایک جیسے ہیں، ان کے حل کیلئے حکومتی ایوانوں تک موثر آواز پہنچانے کیلئے مشترکہ کاوشیں ضروری ہیں، انہوں نے کہا کہ صفائی نصف ایمان کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے کلین راولپنڈی کو اپنا ٹارگٹ بنالیا ہے اور اس ٹارگٹ کے حصول تک آرام سے نہیں بیٹھیں گے، راولپنڈی کی صفائی کی طرح اسلام آباد میں جہاں کہیں بھی ہمارے تعاون کی ضرورت ہوئی ہم ضرور فراہم کریں گے، وفود نے تاجر برادری اور جڑواں شہروں کی ترقی کے حوالے سے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ جڑواں شہروں کی طرح یہ چیمبرز بھی جڑواں اور مسائل مشترکہ ہیں مل کر ہی حل کرنے ہونگے، وفود نے دونوں شہروں میں صفائی میں بہتری کے حوالے سے بھی تجاویز دیں، چیئرمین آر ڈبلیو ایم سی و صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق نے کہا کہ گرین ویسٹ کو تلف کرنے کیلئے پی ایچ اے سے مل کر جوائنٹ وینچر میں ایک مخصوص ایریا میں دفن کر کے کھاد بنائی جائیگی

بقیہ 27

سے یونین کونسل پن کے سیاسی خاندان سے تعلق رکھنے والے رہنما چوہدری احسن گل کا کہنا تھا کہ حلقہ بندیوں میں یونین کونسل پن سے ایک مرتبہ پھر ناانصافی کی گئی یونین کونسل پن کی عوام کے لیے حلقہ بندی انتظامی مسئلہ بن چکی ہے تعلقہ ڈگری کے دو درجن دیہاتوں کو حلقہ پی ایس 47 میں لگا کر ایک مرتبہ پھر ترقی کا راستہ روک دیا گیا ہے انکا مزید کہنا تھا ہمیں تھانہ ڈگری پڑتا ہے جو حلقہ 48 میں آتا ہے ہمیں اسپتال اور ریونیو ڈپارٹمنٹ ڈگری کا لگتا ہے جو ہم سے چند فرلانگ پر ہے ہمیں اسسٹنٹ کمشنر ڈگری دیکھتا ہے مگر ہمارا حلقہ جا کر کوٹ غلام محمد کو لگا دیا گیا ہے جس سے ہمیں سال 2002 سے ابتک ترقیاتی اسکیموں سمیت دیگر امور پر وہ اہمیت اور مرکزیت نہیں ملی جو ہمارا حق ہے ہم پی ایس 47 کے آخری حصے میں آتے ہیں ہمارا ہر کام ڈگری میں جبکہ ہمارا نمائندہ کوٹ غلام محمد میں ہوتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کے جائز کام بھی بمشکل ہوتے ہیں مشرف دور سے ان دو درجن دیہات کو نکال کر بے یارو مددگار چھوڑ دیا گیا ہر بار یونین کونسل کی عوام اس پر آواز اٹھاتی ہے مگر اس پر الیکشن کمیشن نے اس پر غور نہیں کیا حلقہ بناتے ہوئے صرف آبادی کو نہیں دیکھا جائے بلکہ علاقائی انتظامی معاملات کو بھی دیکھنا چاہیے الیکشن کمیشن نے اس معاملے کو نہ دیکھ کر دو درجن دیہاتوں سے زیادتی کی چوہدری احسن گل نے ان حلقہ بندیوں کو چیلنج کرنے کا اعلان کیا ہے انکا کہنا تھا ہمارا خاندان سالوں سے یونین کونسل پن کے حقوق کی جنگ لڑ رہا ہے اس جنگ کو بھی پوری قوت سے لڑا جائے گا

بقیہ 28

ہے۔ انہوں نے کہا جرگہ غیر سیاسی ہے اس جرگے میں ہر فرد نے سیاست نہیں خدمت کرنا ہے۔ گوجر خان کیبنٹ تشکیل پروگرام میں صدر خان بہادر، فائنانس سیکرٹری محمد علی شنواری۔ سینئر نائب صدر حاجی گل رحمان، نائب صدر روح الامین شنواری، عبدالرزاق خان و دیگر عہدیداران سمیت بڑی تعداد میں اہلیان گوجر خان کے مہمند برادری نے شرکت کی۔

بقیہ 29

ممالک کے لیے قابل تقلید ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات نے وقت کی کسوٹی پر ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اور مضبوط سے مضبوط تر ہوتے رہیں گے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) ایک گیم چینجر ہے جو ہمارے دونوں ممالک کے عوام کو بے پناہ ثمرات فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان اس منفرد شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری دعائیں اور خواہشات ہمیشہ چین کے عوام کے ساتھ رہیں گی۔ دعا ہے کہ اس قومی دن کی صبح چینی عوام کے لیے دیرپا امن، خوشحالی اور خوشی لائے۔ پاکستان کی حکومت اور عوام اپنے چینی بھائیوں کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ دریں اثناء نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے اپ گریڈیشن کے بعد کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج یونیورسٹی کے ابن سینا ریڈنگ روم اور کیفے ٹیریا کا افتتاح کردیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کے ہمراہ اپ گریڈڈ ریڈنگ روم اور کیفے ٹیریا کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی اور صوبائی وزراء نے ریڈنگ روم اور کیفے ٹیریا میں فراہم کردہ سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی اور صوبائی وزراء نے کیفے ٹیریا میں کھانے پینے کی اشیا کا معیار چیک کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کیفے ٹیریا کے کچن میں گئے اور کھانے کی اشیاء کی تیاری کے عمل کا بھی مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی او رصوبائی وزراء نے ریڈنگ روم اور کیفے ٹیریا میں موجود ڈاکٹرز سے ملاقات کی۔ سہولتوں کے بارے استفسار کیا، ڈاکٹرز نے ریڈنگ روم اور کیفے ٹیریا کی اپ گریڈیشن پر وزیراعلیٰ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے افتتاح کے بعد ڈاکٹرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سٹوڈنٹس کو ریڈنگ روم اور نیا کیفے ٹیریا مبارک ہو۔ چند ماہ پہلے دورے پر دیکھا تو کیفے ٹیریا کی حالت ابتر تھی، ریڈنگ روم کے اے سی خراب، ڈسٹ اور بری حالت تھی۔ ریڈنگ روم انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کا بن گیا ہے، اب اس کا خیال رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ مجھے اصل خوشی تب ہوگی جب پورا میو ہسپتال اپ گریڈ ہوجائے گا، امید ہے کہ 31 جنوری تک میو ہسپتال اپ گریڈ ہو جائے گا۔ ہسپتال انتظامیہ اپ گریڈیشن کے کام کی اونر شپ لے گی اور کام جلد ہوجائے گا۔ میں ہر فلور پر جا کر جاری کام کی پیشرفت کا جائزہ لیتا ہوں۔ میو ہسپتال کا آؤٹ ڈور بھی نیا بنایا جائے گا۔ ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے لئے جتنے فنڈز درکار ہوئے مہیا کریں گے۔ ایمرجنسی میں انتہائی نگہداشت کے ڈاکٹرز نہیں ہیں، ہم نے ان ڈاکٹرز کو لانا ہے، خواہ بیرون ملک سے ان ڈاکٹرز کی خدمات حاصل کی جائیں۔ صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری، سیکرٹریز صحت، تعمیرات و مواصلات، اطلاعات اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے

بقیہ 30

جنازہ ڈیرہ غازی خان، لانس نائیک محمد عدنان کا ضلع ٹانک، لانس نائیک اعظم خان کا لکی مروت، لانس نائیک غیرت گل کا کرم ایجنسی جبکہ سپاہی ندیم خان کا کوہاٹ میں آبائی علاقوں میں ادا کیا گیا۔ نماز جنازہ میں عسکری و سول حکام، شہید کے عزیز و اقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تمام شہدا کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔

بقیہ 31

کے تعلقات کامیابیوں کے مزید سنگ میل عبور کریں گے۔ اپنے ٹویٹ میں مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ نگران وزیر اطلاعات نے کہا کہ امید ہے موجودہ سال اور آنے والے برسوں میں پاکستان اور چین کے تعلقات کامیابیوں کے مزید سنگ میل عبور کریں گے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ یہ تعلقات ہر گزرتے دن کے ساتھ پہلے سے زیادہ مضبوط اور خوشگوار ہوں گے۔

بقیہ 32

ٹویٹ میں کہا کہ ہم دہشتگردی کی اس لعنت کے خلاف جنگ میں اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے کوئی شک نہیں کہ میرے بھائی رجب طیب اردوان کی متحرک قیادت میں ترک قوم اس چیلنج سے مزید مضبوط بن کر ابھرے گی۔ دریں اثناء وزیر اعظم میڈیا آفس میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان میں نگراں وزیراعظم نے کہا کہ مجھ سمیت پوری پاکستانی قوم کی ہمدردیاں برادر ملک ترکیہ کے ساتھ ہیں۔ نگراں وزیر اعظم نے کہا کہ میں واقعے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے پوری امید ہے کہ ترکیہ، میرے بھائی رجب طیب اردوان کی قیادت میں دہشتگردی کے اس چیلنج پر جلد قابو پالے گا۔

بقیہ 33

مسافر وین راولپنڈی سے کوٹلی ستیاں جارہی تھی کہ حادثے کا شکار ہوگئی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ مقامی افراد کی جانب سے امدادی کارروائیاں شروع کردی گئیں جبکہ ریسکیو ٹیموں کو بھی طلب کرلیا گیا۔

بقیہ 34

کی کامیابی کیلئے والدین پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک سے پولیو کے خاتمہ کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور معاشرے کے ہر فرد کو اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ 2 اکتوبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو کی قومی مہم کے دوران پانچ سال کی عمر تک ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانے کے اقدامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو کی قومی مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 40 ملین سے زیادہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور وٹامن اے سپلیمنٹ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ والدین کو ہدایت کی کہ بچوں کو قطرے پلانے والی ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں۔ مزید برآں نگراں وفاقی وزیر نے پولیس کو ہدایت کی ہے کہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور کسی بھی ناگہانی صورتحال سے بچنے کیلئے کردار ادا کریں۔ انہوں نے انسداد پولیو کی ٹیموں کو ہدایت کی کہ وہ ہر ایک گھر میں جا کر پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں۔

بقیہ 35

خاندانوں کی جانب سے سونے کی خریداری بھی صارفین کی قوت خرید میں کمی اور زیورات چھیننے کے بڑھتے واقعات کی وجہ سے سست نظر آرہی ہے۔ آل کراچی جیولرز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے صدر محمد حسین قریشی نے بتایا کہ 24 قیراط سونے کی فی تولہ قیمت 2 لاکھ 2 ہزار 500 ہوگئی ہے، دکانوں پر خریداروں کی آمد کا رجحان بمشکل 25 فیصد رہ گیا ہے کیونکہ یوٹیلیٹی بلز اور روزمرہ کے گھریلو اخراجات پورے کرنے کے بعد جیولری اور سونے کی خریداری لوگوں کی فہرست میں سب سے آخر میں آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 فیصد خریداروں میں سے 10 فیصد خریدار کم قیمت والی اشیا مثلاً انگوٹھی اور چین کو ترجیح دیتے ہیں، جبکہ 15 فیصد خریدار اپنے پرانے زیورات لاتے ہیں اور انہیں نئے ڈیزائن میں تبدیل کروا لیتے ہیں حتیٰ کہ ان پرانے زیورات کے وزن پر سمجھوتہ بھی کر لیتے ہیں۔ محمد حسین قریشی نے کہا کہ سونے کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ضروری اشیا کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور بھاری یوٹیلیٹی بلز کی وجہ سے سونے کے زیورات کی فروخت میں گزشتہ ایک سال سے کمی کا رجحان ہے۔ آل پاکستان جیم اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے گولڈ مافیا اور سٹہ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے بعد 13 ستمبر سے سونے کے یومیہ نرخ جاری کرنے کا سلسلہ معطل کر دیا تھا، کریک ڈاؤن کے دوران سونے کے 5 تاجروں کو گرفتار بھی کیا گیا تھا

بقیہ 36

29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ آمدن رکھنے والا طبقہ ہوا، مہنگائی کی شرح 39 فی صد رہی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران ملک میں 14 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جبکہ چودہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی تاہم 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں پیاز کی فی کلو قیمت میں 17 روپے 63 پیسے جبکہ لہسن کی فی کلوگرام قیمت میں 21 روپے 58 پیسے کا اضافہ ہوا دہی، دال مونگ، جلانے کی لکڑی، دودھ اور ماچس بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہے۔ زندہ مرغی 15 روپے 14 پیسے، چینی 2 روپے 49 پیسے سستی ہوئی ہے۔ ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 13 روپے اور آٹے کا 20 کلو کا تھیلا بھی 19 روپے 12 پیسے تک سستا ہوگیا۔

بقیہ 37

باتیں جمعیت علمائے اسلام پنجاب کے تربیتی کنونشن جامعہ علوم شرعیہ اور میڈیا سے کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی لہر نے انتخابات کے ماحول کو سازگار نہیں رہنے دیا، اس لیے دہشت گردی کو سختی سے کچلنے کے لیے نگران حکومت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، اس لیے دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے حکومت اور سیکورٹی اداروں کو بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ ملک میں انتخابات پرامن ماحول میں ہوں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جمعیت علمائے اسلام کے اہم رہنماؤں اور کارکنوں کو نشانہ بنایا گیا جو انتہائی افسوسناک ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ نواز شریف سابق وزیر اعظم ملک میں آنا چاہتے ہیں انہیں یہاں سیاست کرنے کا حق ہے۔ انہوں نے تحریک انصاف پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ ٹائیگرز کے ذریعے دفاعی اداروں پر حملے کیے، فتنہ نے کبھی کہا کہ سائفر ہے اور کبھی منحرف ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا ایجنڈا پاکستانی نہیں ہے اور اب عمران خان کا کوئی مستقبل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ چار سال میں ہمیں آئی ایم ایف کے حوالے کر دیا گیا، پی ڈی ایم کی حکومت نے ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا۔ اس سے قبل جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی سیکرٹری مالیات مولانا صلاح الدین ایوبی صوبائی امیر مولانا سید محمود میاں، حافظ نصیر احمد احرار نے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کی پالیسیوں کی تعریف کی اور کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کے حکم پر انتخابات میں جمعیت علمائے اسلام بھرپور کردار ادا کرے گی

بقیہ 38

شدہ لیپ ٹاپ اور 7 ہزار روپے برآمد کر لیے۔ ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے کہا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 39

کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں منشیات کے خاتمہ کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں تمام زونل ڈی پی اوز کو سخت ہدایات جاری کی گئیں ہیں کہ منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کیخلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنانے کے ساتھ اس کے سدباب کو یقینی بنایا جائے، اس سلسلہ میں تھانہ کوہسار پولیس نے موثر کارروائی کے دوران منشیات فروشی کے متعدد مقدمات میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزم کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کی شناخت شفیق مسیح عرف پاؤنڈ کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے قبضہ سے تین کلو گرام منشیات برآمد کر لی گئی، گرفتار ملزم کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج ہیں

بقیہ 40

اشتہاری مجرم بلال کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2020 سے ریس کورس پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 41

ملزم نوستار سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، واہ کینٹ پولیس نے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم اول گل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، دھمیال پولیس نے ملزم قمر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم ارباز سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم انس سے 25 روند پستول 30 بور کے برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 42

سے 520 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم ارباب سے 02 کلو 200 گرام چرس، ملزم یاسین سے 02 کلو 200 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم عدیل خان سے 01 کلو 200 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم مختار سے 560 گرام چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم وقاص سے 50 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 43

پنجاب ہاؤس کراچی میں تقریبات کر سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پنجاب ہاؤس کراچی کے ڈائننگ ہال، ڈرائنگ روم اور کمروں کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے گراؤنڈ اور فرسٹ فلور کا تفصیلی جائزہ لیا اور اپ گریڈیشن کے لئے ضروری ہدایات دیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ 44

چشم کے 1 ہزار 134 مریض رپورٹ ہوئے ہے جبکہ 4 روز قبل تقریباً ایک دن میں تقریباً 15 ہزار مریض رپورٹ ہوئے تھے وزیراعلیٰ محسن نقوی نے 4 روز قبل راوی روڈ کے گرلز سکول کے دورہ کے دوران آشوب چشم کے متاثرہ بچے دیکھ کر سکولوں میں چھٹی کا اعلان کیا تھا۔ پنجاب بھر میں آشوب چشم کے مریضوں کی مجموعی تعداد تعداد 98 ہزار 627 ہو گئی ہے۔ لاہور میں 24 گھنٹے میں مزید 236 نئے مریض سامنے ائے اور لاہور میں مریضوں کی مجموعی تعداد 8 ہزار 682 ہے۔

بقیہ 45

خان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہید ہیڈ کانسٹیبل کے بلند درجات کے لئے دعا گو ہیں، غم کی اس گھڑی میں شہید اہلکار کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن پاکستان میں امن اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں۔ نگران وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

بقیہ 46

مطابق گزشتہ ایک ہفتے میں 2 افراد قتل ہوئے، اقدام قتل کے 8 واقعات رپورٹ ہوئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈکیتی کی 49 وارداتوں میں شہری لاکھوں روپے مالیت کی اشیاء سے محروم ہوئے، شہر کے مختلف تھانوں میں چوری کی 70 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق مختلف علاقوں سے 77 موٹر سائیکلیں اور 14 گاڑیاں چوری کی گئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق وائٹ کالر کرائم چیک ڈس آنر کے 36 مقدمات رپورٹ ہوئے ہیں۔

بقیہ 47

ترین خطرات میں سے ایک ہے۔ بلوچستان کے ضلع مستونگ میں جمعہ کو عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ہونے والے حملوں میں کم از کم 57 افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ خیبر پختونخوا کے شہر ہنگو کی ایک مسجد میں جمعہ کے اجتماع میں حملہ سے 70 سے زائد زخمی ہوئے۔ بیان کے مطابق سلامتی کونسل کے ارکان نے متاثرین کے خاندانوں اور حکومت پاکستان سے اپنی گہری ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا، اور زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کی دعا کی۔ کونسل کے اراکین نے بیان میں کہا کہ محرکات سے قطع نظر دہشت گردی کی کوئی بھی کارروائی مجرمانہ اور بلاجواز ہے، چاہے یہ جہاں کہیں بھی، جب بھی اور جس کسی نے بھی اس کا ارتکاب کیا ہو۔ سلامتی کونسل کے ارکان نے دہشت گردی کی ان قابل مذمت کارروائیوں کے مجرموں، منتظمین، مالی معاونت کرنے والوں اور سپانسرز کو جوابدہ ٹھہرانے اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے تمام ریاستوں پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی قانون اور سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے مطابق حکومت پاکستان کے ساتھ ساتھ دیگر تمام متعلقہ حکام کے ساتھ اس سلسلے میں فعال تعاون کریں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ کونسل کے اراکین نے تمام ریاستوں پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی قانون اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے مطابق، حکومت پاکستان اور دیگر متعلقہ حکام کے ساتھ ان حملوں کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے فعال تعاون کریں۔ اقوام متحدہ کے الائنس آف سولائزیشنز)یو این اے او سی(کے اعلیٰ نمائندے میگوئیل موریٹینوس نے بھی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا کہ عبادت گاہیں مقدس مقامات ہوتی ہیں جہاں عبادت گزاروں کو اپنے عقیدے پر محفوظ اور آزادانہ طور پر عمل کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ قبل ازیں، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس نے حملوں کو خاص طور پر گھناؤنا قرار دیتے ہوئے قصورواروں سے جوابدہی کرنے کا مطالبہ کیا۔ گوتیرس نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ خاص طور پر قابل نفرت ہے کہ یہ حملے عبادت گاہ پر اور پیغمبرؐ اسلام کے یوم پیدائش کی تقریب کے دوران ہوئے۔ انہوں نے دہشت گردی اور پرتشدد انتہا پسندی سے نمٹنے کی کوششوں میں پاکستان کی حکومت اور عوام کے ساتھ اقوام متحدہ کی یکجہتی کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ 48

بہت اہم ہے، کیونکہ نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی (آج) پیر کو چین کے اہم دورے پر روانہ ہورہے ہیں، جہاں وہ تیسرے ہمالیہ فورم میں شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق فورم میں چین، افغانستان ودیگر ممالک کے وزرائے خارجہ کی بات چیت ہوگی، جبکہ اس دوران پاکستانی نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی کی افغان ہم منصب ملا امیر متقی سے بھی ملاقات کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر خارجہ جلیل عباس چین کے دورے کے بعد آذربائیجان جائیں گے، جہاں وہ اقتصادی تعاون تنظیم کے وزارتی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ 49

مہمان خصوصی ایف پی سی سی آئی کے چیف کوآرڈینیٹر مرزا عبدالرحمن اور سارک کی چیئرپرسن، نیشنل بزنس وومین کونسل کی چیئرپرسن مس حنا منصب خان تھیں۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ آنے والے معزز مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب کے آخر میں چیمبر کے شرکاء کی تواضع ریفریشمنٹ سے کی گئی۔ تقریب کا آغاز دن ایک بجے ہوا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایف پی سی سی آئی کے چیف کوآرڈینیٹر مرزا عبدالرحمن نے کہا کہ وہ راولپنڈی وومین چیمبر کی جانب سے مدعو کرنے پر سب کے شکرگزار ہیں۔ راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کی جانب سے سالانہ جنرل میٹنگ کا انعقاد خوش آئند ہے، ڈی جی ٹی او ایک غیر جانبدار ادارہ ہے جو تمام ٹریڈ باڈیز کے معاملات کو بخوبی پایہ تکمیل تک پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر کی خواتین میں بزنس کے حوالے سے آگاہی سیشنز کا انعقاد کروایا جائے۔ راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کی معزز ممبران گروپ لیڈر مس حنا منصب خان، فاونڈر صدر عاصمہ کنول، سابق صدر مس عنبرین، سینئر نائب صدر مس صبوحی حسین اور جنرل ممبران نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صدر راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری رفعت شاہین نے چیمبر کی عزت اور وقار کو سبوتاژ کیا ہے اور چیمبر کی خواتین کی عزت کو سبوتاژ کیا ہے، آوٹ آف دی وے جا کر چیمبر کیلئے غلط چیزیں بولیں، جس کے ساری تفصیلات بھی سب کو دکھائی جا چکی ہیں۔ تمام ممبران نے متفقہ فیصلہ کیا کہ وہ ساری چیزیں مدنظر رکھتے ہوئے موجودہ صدر رفعت شاہین پر عدم اعتماد کا اعلان کرتے ہیں۔ تمام شرکاء نے متفقہ طور پر سینئر نائب صدر مس صبوحی حسین کو قائمقام صدر اور مس منتہی شاہ رخ سینئر نائب صدر اور مس شبانہ اجمل کو قائمقام نائب صدر مقرر کر دیا۔ اس موقع پر Resolution میں یہ شامل کیا گیا کہ کوئی بھی صدر جو ایگزیکٹو باڈی اور جنرل سیکرٹری کو ساتھ لیکر نہیں چلے گا یا چیمبر کے سینئرز کو ساتھ لے کر نہیں چلے گا۔ چیمبر کی عزت کو نقصان پہنچائے گا۔ چیمبر کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کریگا تو ایگزیکٹو باڈی کو اس بات کا اختیار حاصل ہے کہ وہ صدر یا کسی بھی دوسرے عہدیدار کو ڈس کوالیفائی کر سکیں۔ سالانہ جنرل اجلاس میں فاؤنڈر صدر اسماء کنول، قائمقام صدر مس صبوحی حسین، سابق صدر عنبرین، سابق سینئر نائب صدر مس الماس، سابق نائب صدر فوزیہ تبسم، ایگزیکٹو ممبر مس یسریٰ ندیم، ایگزیکٹو ممبر عائشہ جاوید، ایگزیکٹو ممبر مسرت جبیں، ایگزیکٹو ممبر شبانہ اجمل، ایگزیکٹو ممبر کرن ناز، ایگزیکٹو ممبر مس نسیم اقبال، جنرل ممبر مس رافعہ معروف، جنرل ممبر مس حنا ذوالفقار، جنرل ممبر عائشہ کرن، سابق صدر عظمیٰ شاہد بٹ، جنرل ممبر رضیہ سلطانہ، جنرل ممبر مس فارقی، جنرل ممبر مس نازمہ، جنرل ممبر شمائلہ کوثر، جنرل اور کور ممبر مس رخشندہ جبیں، مس روبینہ ایگزیکٹو ممبر مس ماورا، ایگزیکٹو ممبر صائمہ ندیم، مس تانیہ، مس ارم، مس رافعہ معروف، ایچ آر مس نورین طارق، ایچ آر مس زبیدہ اصغر، اسسٹنٹ جنرل سیکرٹری مس ماہ نور، جنرل سیکرٹری اور دیگر ممبران نے شرکت کی۔ تھانہ صادق آباد پولیس کے عملے نے سیکورٹی کے بخوبی فرائض سرانجام دیئے۔

بقیہ 50

باشندوں کے پاس شناختی دستاویزات نہیں ہیں۔ سی ٹی ڈی نے کہا کہ 375 افغان باشندوں کو کارروائی مکمل ہونے پر بارڈر پار بھیجا جائے گا۔ آپریشن بارہ کہو، ترنول، مہرآبادیاں، گولڑہ، شمس کالونی و دیگر علاقوں میں کیا گیا۔

بقیہ 51

کا مارجن 47 پیسے فی لیٹر بڑھا دیا گیا جبکہ ڈیلرز مارجن میں فی لیٹر 41 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پٹرول پر او ایم سی مارجن 6.47 روپے سے بڑھ کر 6.94 روپے فی لیٹر ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پٹرول اور ڈیزل دونوں پر ڈیلرز مارجن 7.41 روپے سے بڑھ کر 7.82 روپے فی لیٹر ہوگیا ہے جبکہ ڈیزل پر او ایم سی مارجن 6.70 روپے سے بڑھ کر 7.17 روپے فی لیٹر ہوگیا ہے۔ دستاویز کے مطابق حکومت نے پٹرول اور ڈیزل پر فریٹ مارجن بھی بڑھا دیا، ڈیزل پر فریٹ مارجن 1 روپے 78 پیسے فی لیٹر اور پٹرول پر 16 پیسے فی لیٹر بڑھا دیا گیا۔ حکومت ڈیزل پر 65 روپے 70 پیسے فی لیٹر ٹیکسز اور 50 روپے فی لیٹر لیوی وصول کر رہی ہے، پٹرول پر 80 روپے 29 پیسے فی لیٹر ٹیکسز اور پٹرولیم لیوی 60 روپے فی لیٹر ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل 16 ستمبر کو بھی پٹرول، ڈیزل پر او ایم سی اور ڈیلرز مارجن فی لیٹر 88 پیسے بڑھایا جاچکا ہے۔

بقیہ 52

کرنا پڑا تو کیا جائے گا۔ مستونگ دھماکے کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جتنا ہو سکے گا شہداء کے خاندانوں کی مالی مدد کریں گے۔ جان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پاکستان کی بقا اور سلامتی کی جنگ لڑ رہے ہیں، سیکورٹی کے معاملات کو مزید بہتر کیا جائے گا۔ نگراں وزیر اطلاعات بلوچستان نے کہا کہ مستونگ دھماکے کے شہداء کے لواحقین کو 15 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ جان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں بھارت ملوث ہے، سیکیورٹی پلان ازسر نو ترتیب دیا جارہا ہے۔

بقیہ 53

کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 06، گیس کے غیر قانونی استعمال پر 05 کنکشن منقطع کیا جبکہ 24 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کئے گئے اور 02 ایف ای آر بھی درج ہوگی۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 02 اور 03 گیس کنکشن کمپریسر کے استعمال پر منقطع کرنے کے علاوہ 06 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے اور ایک ایف آئی آر بھی درج ہوئی۔ شیخوپورہ میں گیس کے براہ راست استعمال اور غیر قانونی توسیع پر 18 کنکشن منقطع، 57 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کردیے گئے۔ ٹیم نے 3.430 ملین روپے انڈر بلنگ کیسز کی مد میں جرمانے بھی کیے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 61 کنکشن منقطع گیس چوری کے خلاف 0.71 ملین کی رقم بھی بک کی گئی۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے 03 گیس کنکشن منقطع کیے جبکہ انڈر بلنگ کی مد میں چار لاکھ روپے کا جرمانے بھی عائد کیے گیے اور انڈر بلنگ میں 10 کیسز پروسیس کیے گیے۔ مردان میں 100 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے اور گیس کے غیر قانونی استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گیے۔ ریجنل ٹیم نے گیس چوروں پر چار لاکھ سولہ ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ سیالکوٹ میں کمپریسر کے استعمال پر 04 گیس کنکشن جبکہ غیر قانونی استعمال پر پانچ کنکشن منقطع کیے گیے۔ سرگودھا میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 02 کنکشن منقطع کردیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 04 میٹر غیر قانونی استعمال اور 04 کمپریسر کے استعمال پر میٹرز منقطع کیے گئے گیس چوری اور انڈر بلنگ کی مد میں 1 لاکھ 75 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ گیس کے غیر قانونی استعمال پر گجرات میں کارروائیوں کے دوران پانچ کنکشن منقطع کر دیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 18 کنکشن منقطع کردیے گئے اور 07 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گیے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر چار کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 05، کمپریسر کے استعمال پر 02 میٹرز منقطع کیے گئے

بقیہ 54

9 ہزار 564 ایف آئی آرز درج ہوئیں۔ حیسکو میں دو ارب 69 کروڑ، پیسکو میں دو ارب 42 ارب روپے ریکور کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری پاور ڈویژن راشد لنگڑیال نے مزید بتایا کہ مجموعی چوری میں 75 فیصد ہونے کے باوجود سندھ اور خیبر پختونخوا میں صرف 725 گرفتاریاں ہوئیں۔

بقیہ 55

سرکل 139 جہلم سرکل 276 چکوال سرکل 219 اور راولپنڈی کینٹ سرکل میں 302 بجلی چور پکڑے گئے۔ جاری مہم کے دوران آئیسکو ڈیٹیکشن ٹیموں نے مجموعی طور پر 77 ہزار سے زائد میٹرز کو چیک کیا 1 ہزار 330 میٹرز سے 19 لاکھ 42 ہزار 640 بجلی کے یونٹس کے غیر قانونی استمال پر متعلقہ صارفین کو آئیسکو کی ڈیٹیکشن ٹیموں نے 8 کروڑ 95 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے اور بجلی کے ڈائریکٹ استعمال کرنے اور میٹرز کو ٹمپرڈ کرنے والے افراد کے بجلی کے کنکشنز کاٹ کے میٹرز اتار لئے گئے۔ قانونی کاروائی کے لئے بجلی چوروں کے خلاف 287 ایف آئی آرز رجسٹرڈ ہوئیں اور بجلی چوری کرنے والے 287 افراد کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ آئیسکو چیف ایگزیکٹیو ڈاکٹر محمد امجد خان نے بجلی چوروں کے خلاف کاروائیوں پر افسران اور اہلکاروں کی کاروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کے بجلی چور کسی صورت بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں بجلی چور ملک کو عوام کو اور اداروں کو نا قابل تلافی نقصان پہنچا رہے ہیں اور وہ مضبوط معیشت اور خوشحال پاکستان کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہیں اور ان کے ناسور سے آئیسکو کو پاک کر کے ہی دم لیں گئے۔ انھوں نے صارفین سے درخواست کی ھے کے وہ اس قومی مہم میں پاکستان کا اور آئیسکو کا ساتھ دیں اور بجلی چوروں کی اطلاع ہیلپ لائن نمبر 118 یا کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے نمبرز 0519252933 پر دیں تا کہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جائے اوران کالی بھیڑوں کو قانون کی گرفت میں لیا جائے۔

بقیہ 57

اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ صدر پاکستان عارف علوی نے منتخب شعرا کو ایوارڈ اور نقد انعام سے نوازا۔ چکوال سے تعلق رکھنے والی مذہبی، سماجی و ادبی شخصیت تابش کمال کی کتاب بعنوان "نورمبین" قومی مقابلہ کتب نعت اردو کیٹیگری برائے سال دو ہزار تیس میں دوم انعام کی مستحق قرار پائی۔ نعتیہ کتاب نورمبین کے علاوہ شاعر تابش کمال کی کتب منظر منظر دھوپ، شام پئی بن شام، مہاجر، پرندوں کی نظمیں، صلی اللہ، اور پیار پیام شائع ہوکر عوام میں بھرپور پزیرائی حاصل کر چکی ہے۔

بقیہ 58

مطابق او جی ڈی سی ایل نے 2022-23 کے دوران تاریخی 224 ارب روپے خالص منافع کمایا۔ او جی ڈی سی ایل نے مالی سال 2023 میں 8.55 روپے کیش ڈیویڈنڈ دینے کا اعلان بھی کیا ہے۔ او جی ڈی سی ایل نے 2023 میں 159 ارب ٹیکس کی مد میں قومی خزانے میں جمع کرائے اور او جی ڈی سی ایل 149 فیصد تاریخی بلند ترین ریزرور ریپلیسمنٹ ریشو حاصل کرنے میں بھی کامیاب رہی۔

بقیہ 59

حکام کے مطابق ملک گیر چھاپوں کے دوران متعدد عمارتوں اور دکانوں کو سیل کیا گیا، چھاپوں کے دوران 239 ملزمان گرفتار کئے گئے، 177 مقدمات درج ہوئے جبکہ 26 انکوائری پر تفتیش مکمل کی گئی۔ خیبر پختونخوا h زون سے 101، لاہور زون 15، گجرانوالہ زون 24، فیصل آباد زون 21 اور ملتان زون نے 19 ملزمان کو گرفتار کیا۔ اسلام آباد زون 11، کراچی زون 22، حیدرآباد اور بلوچستان زون نے 13، 13 ملزمان کو گرفتار کیا۔ کارروائیوں کے دوران ملزمان سے متعدد رسیدیں اور موبائل فونز بھی برآمد ہوئے، گرفتار کئے گئے ملزمان بغیر لائسنس کرنسی کی ایکسچینج میں ملوث تھے۔

بقیہ 60

کی درمیانی شب فائرنگ سے 2 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا، ہلاک وزخمی ہونے والوں کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ ایس ایچ او نیوٹاؤن سب انسپکٹر عقیل احمد نے بتایا کہ ہلاک ہونے والا 25 سالہ شخص مبینہ طور پر ڈاکو ہے جس کی فوری طور پر شناخت نہیں کی جاسکی جبکہ زخمی کی شناخت 28 سالہ محمد علی عرف علی لمبو ولد عبدالرزاق کے نام سے کی جبکہ دوسرے ہلاک ہونے والے شخص کی فوری طور پر شناخت نہیں کی جاسکی۔ ہلاک وزخمی ہونے والے ڈاکو ہیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ موٹر سائیکل سوار 4 ڈاکو کسی شہری سے لوٹ مار کر کے فرار ہوئے تھے

عوامی للکار کے رپورٹر پوٹھوہار پریس کلب کے ممبر کے

گھر میں دن دیہاڑے چوری کی دلیرانہ واردات

اہل کی خانہ کی عدم موجودگی میں نامعلوم چور گھر سے نقدی، موبائل فونز، ٹاپس لے اڑے

سرکل گوجرخان میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں کا سلسلہ ایک بار پھر شروع پے درپے وارداتیں شروع

شہری شدید عدم تحفظ کا شکار پولیس تاحال کسی بھی واردات کا سراغ لگانے میں ناکام

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان میں چوروں ڈکیتوں کا راج جرائم پیشہ عناصر نے ایک بار پھر شہر کا رخ کرلیا شہری شدید عدم تحفظ کا شکار پولیس تاحال کسی بھی واردات کا سراغ لگانے میں بری طرح ناکام پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبر روزنامہ عوامی للکار کے رپورٹر کے گھر دن دیہاڑے چوری کی دلیرانہ واردات، تھانے سے چند قدم کے فاصلے سے وہیکل لفٹر موٹرسائیکل لے اڑے جبکہ تھانہ مندرہ کی حدود میں دربار کلیام شریف آنے والے متعدد زائرین کو اسلحہ کی نوک پر لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان میں چوری ڈکیتی کی وارداتیں ایک بار پھر شروع پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبر اور روزنامہ عوامی للکار کے رپورٹر کے گھر دن دیہاڑے چوری کی دلیرانہ واردات اہلخانہ کی عدم موجودگی میں نامعلوم چور گھر کے مین گیٹ کا تالہ کاٹ کر الماری کو توڑ نقدی ڈیڑھ لاکھ، دو (بقیہ نمبر 1)

گوجرخان، عوامی للکار کے رپورٹر کے گھر ڈکیتی کی واردات کے دوران سامان بکھرا پڑا ہے

پاکستانی خلاباز نمیرا اسلیم خلا میں سفر کیلئے تیار، امریکا پہنچ گئیں

پاکستان کے خلا میں مستقبل کے حوالے سے حکومت کو مؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

ڈیلس (این این آئی) پاکستان، جنوبی ایشیا اور کامن ویلتھ کی پہلی خلا باز خاتون نمیرا اسلیم ورجن گیلیکٹک کمرشل اسپیس لائنر کی ٹکٹ سے 5 اکتوبر کو خلا کا سفر کریں گی۔ خلا باز نمیرا اسلیم اتوار کو کراچی سے امریکا پہنچیں جہاں ڈیلس ایئرپورٹ پر ان کا خیر مقدم کیا گیا۔ ایک انٹرویو میں نمیرا اسلیم نے خلا میں جانے کیلئے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 3)

روپے نے بہترین کارکردگی میں دنیا بھر کی کرنسیوں کو پیچھے چھوڑ دیا

ڈالر کی غیر قانونی تجارت، اسمگلنگ، سٹے بازی کے خلاف کریک ڈاؤن

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) پاکستان کرنسی نے ستمبر کے مہینے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دنیا بھر کی کرنسیوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ڈالر کی غیر قانونی تجارت، اسمگلنگ، سٹے بازی کے خلاف کریک ڈاؤن، انتظامی اقدامات اور اسٹیٹ بینک کی (بقیہ نمبر 4)

مولانا فضل الرحمان نے جنوری میں الیکشن کے انعقاد پر سوال اٹھادیئے

جنوری میں بالائی علاقوں میں برف پڑی ہوگی، لوگ ووٹ کیسے دیں گے؟

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے جنوری میں الیکشن کے انعقاد پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ جنوری میں بالائی علاقوں میں برف پڑی ہوگی، لوگ ووٹ کیسے دیں گے؟ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جنوری میں ملک کے بالائی علاقوں میں برفباری ہوتی ہے، وہاں کے (بقیہ نمبر 6)

انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ ترنول کے علاقوں میں آپریشن

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) 25 موٹر سائیکل سواروں، 10 گاڑیوں اور 50 گھروں کی چیکنگ، 1 مشکوک شخص اور 26 غیر ملکی، اسلحہ، 1 سوزوکی گاڑی اور 1 غیر قانونی موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانہ منتقل اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ ترنول کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کے دوران (بقیہ نمبر 2)

شہریوں نے پیٹرول کی قیمت میں مزید کمی کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (این این آئی) شہریوں نے پیٹرول کی قیمت مزید کم کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہری شجاعت حسین، محمد وقاص، زبیر حنان، محمد رمضان، احسن خان و دیگر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 26 روپے بڑھا کر 8 روپے کم کرنے کا کوئی فائدہ نہیں، اس سے مہنگائی میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ انہوں نے مطالبہ (بقیہ نمبر 5)

nni

راولپنڈی، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن اسلام آباد میں ڈیجیٹل ڈیٹا پارک کا دورہ کر رہے ہیں

میانوالی: پولیس چیک پوسٹ پر حملہ، ایک اہلکار شہید، دو دہشت گرد ہلاک

پنجاب پولیس نے بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے کنڈل پیٹرولنگ پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنادیا

ایس ایم ڈی لائنس کے ساتھ سی ٹی ڈی کی ٹیمیں پہنچ گئی ہیں دہشتگردوں کا پیچھا کیا جا رہا ہے، آئی جی پنجاب

میانوالی (این این آئی) میانوالی میں کنڈل کے مقام پر پیٹرولنگ پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں ایک اہلکار شہید جبکہ دو دہشتگرد مارے گئے۔ آئی جی پنجاب کے مطابق دس سے بارہ دہشتگردوں نے کنڈل پیٹرولنگ پوسٹ پر حملہ کیا تھا، چیک پوسٹ کی چھت پر موجود اہلکار کی جوابی فائرنگ سے دو دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی جی پولیس کے مطابق چیک پوسٹ پر دو اطراف سے حملہ کیا گیا تھا، پنجاب (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد کے مختلف علاقوں سے 14 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

ملزمان سے شراب، چرس، ہیروئن اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری، 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 14 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے شراب، چرس، ہیروئن اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی (بقیہ نمبر 8)

صدر شی جن پنگ نے دنیا کو ترقی اور امن کا انقلابی ویژن دیا ہے

شہباز شریف کی چین کے قومی دن پر صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو مبارک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے چین کے قومی دن پر صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو مبارک دیتے ہوئے کہا ہے کہ صدر شی جن پنگ نے دنیا کو ترقی اور امن کا انقلابی ویژن دیا ہے، چین کے ساتھ پاکستان کی سٹریٹیجک کوآپریٹو شراکت داری کو مزید مظبوط بنائیں گے۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ کیمونسٹ پارٹی چین اور اس کی قیادت کی تاریخی جدوجہد کے نتیجے میں چین آج دنیا کی بڑی معاشی طاقت بن چکا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ صدر شی جن پنگ نے چین کی ترقی کو نئی منزلوں سے

انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ آبپارہ کے علاقوں میں آپریشن

158 مشکوک افراد، 45 موٹر سائیکل سواروں، 08 ہوٹلز اور 40 گھروں کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ آبپارہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کے دوران 158 مشکوک افراد، 45 موٹر سائیکل سواروں، 08 ہوٹلز اور 40 گھروں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ آبپارہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ (بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی، ٹریفک پولیس اہلکار پارکنگ میں کھڑے موٹر سائیکل اٹھا رہے ہیں

راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان پکڑے گئے

ملزمان سے شہریوں سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے قیمتی موبائل فونز، نقدی برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سبزی منڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جڑواں شہروں میں راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے شہریوں سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے قیمتی موبائل فونز، نقدی، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد کرکے مقدمات درج کرلیے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

شراب سپلائرز کیخلاف کریک ڈاؤن، 8 گرفتار، 75 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 8 شراب سپلائرز کو گرفتار کر کے 75 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ائیرپورٹ پولیس نے ملزم ظہیر سے 15 لیٹر شراب، کہوٹہ پولیس نے ملزم طاہر سے 15 لیٹر شراب، نصیر آباد پولیس نے ملزم کامران سے 10 لیٹر شراب، ملزم احسان سے 10 لیٹر شراب، ملزم (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 10 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم شاہد سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم یواج گل سے 30 بور معہ ایمونیشن، دھمیال (بقیہ نمبر 10)

قماربازی میں ملوث تین ملزمان گرفتار، نقدی اور آلات قماربازی برآمد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ ترنول پولیس نے قماربازی میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی ہوئی نقدی اور آلات قماربازی برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور جرائم کا قلع قمع کرنے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

اسلام آباد، راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب کے چار ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ آبپارہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب کے چار ارکان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے قیمتی موبائل فونز، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

راولپنڈی، وویمن چیمبر آف کامرس کی اے جی ایم کے موقع پر ممبران کا گروپ فوٹو

حبیب آباد، جشن عید میلاد النبی ﷺ انتہائی مذہبی جوش وجذبے سے منائی گئی

شہر کی فضا درود وسلام سے اور سرکار ﷺ کی آمد مرحبا سے گونج اٹھی، سکیورٹی کے فول پروف انتظامات

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) تفصیلات کے مطابق جشن عید میلاد النبی ﷺ انتہائی مذہبی جوش وجذبے سے منائی گئی عید میلاد النبی کا مرکزی جلوس مدرسہ جامعتہ الحبیب سے زیر صدارت پیر سائیں سردار احمد عالم پروفیسر محمد سعید احمد الازہری صاحب سید ظفر اقبال گیلانی صاحب کے برآمد ہوا جلوس میں مدرسہ جامعتہ الحبیب کے تمام اساتذہ کرام (بقیہ نمبر 12)

نگراں وزیراعظم نے ایپکس کمیٹی کا اجلاس کل طلب کرلیا

اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں ہوگا، آرمی چیف سمیت عسکری حکام شرکت کریں گے

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے امن وامان سے متعلق ایپکس کمیٹی کا اجلاس (کل) منگل کو طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق ایپکس کمیٹی کا اجلاس 3 اکتوبر کو وزیراعظم ہاؤس میں ہوگا، اجلاس میں آرمی چیف سمیت عسکری حکام شرکت کریں گے۔ ذرائع نے کہا کہ ایپکس کمیٹی اجلاس میں ملک میں جاری (بقیہ نمبر 13)

nni

نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے فیکلٹی ممبران گلگت بلتستان کے چیف سیکرٹری سے ملاقات کررہے ہیں

بینکس، مالیاتی ادارے تین روز بعد دوبارہ کھل گئے

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں بینکس اور مالیاتی ادارے تین روز کے بعد آج (پیر) کے روز دوبارہ کھلیں گے۔ 12 ربیع الاول کی مناسبت سے 29 ستمبر بروز جمعہ عام تعطیل جبکہ 30 ستمبر ہفتہ اور یکم اکتوبر اتوار کو معمول کی تعطیلات کی وجہ سے بینکس اور مالیاتی ادارے مجموعی طور پر تین روز بند رہے۔ بینکس اور مالیاتی ادارے تین روز کی تعطیلات کے بعد 2 اکتوبر بروز پیر کے روز دوبارہ کھلیں گے۔

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس سال 2023 کیلئے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کردی ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے ہفتہ کو جاری کردہ سرکلر کے مطابق ٹیکس بار ایسوسی ایشنز اور تاجروں کی مختلف تنظیموں کی درخواست پر انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 31 اکتوبر تک کی توسیع کردی گئی ہے۔

خطرناک افغان نژاد گروہ کے تین ڈکیت زخمی حالت میں گرفتار

آئی سی سی پی او کی کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش وانعامات کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس انویسٹی گیشن برانچ کے انسداد ڈکیتی ورابری یونٹ نے کارروائی کرتے ہوئے خطرناک افغان نژاد گروہ کے تین ڈکیت زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، ڈکیت گروہ سنگین نوعیت کے درجنوں مقدمات میں مطلوب تھا، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے گروہ کے خلاف کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش، انعامات کا اعلان کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس انویسٹی گیشن برانچ کے انسداد ڈکیتی و رابری یونٹ نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے خطرناک افغان نژاد گروہ (بقیہ نمبر 14)

گرجا گھروں کی باہر راولپنڈی پولیس کے افسران الرٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی پولیس کی قماربازوں کے خلاف کاروائی، 04 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی قماربازوں کے خلاف کاروائی، 04 ملزمان گرفتار، داؤ پر لگی رقم 51 ہزار 500، مختلف نمبروں کی پرچیاں اور دیگر سامان برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے لڈو پر جواء کھیلنے والے 03 قماربازوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں سیف الرحمٰن، فدا طلعت اور محمد فہیم شامل ہیں

راولپنڈی، لڈو پر جواء کھیلنے والے ملزمان رتہ امرال پولیس کی حراست میں

پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 13 گرفتار

ملزمان سے ساڑھے 13 کلو سے زائد چرس اور 2 کلو 270 گرام ہیروئن برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے لیڈی منشیات فروش سمیت 13 ملزمان کو گرفتار کر کے ساڑھے 13 کلو سے زائد چرس اور 2 کلو 270 گرام ہیروئن برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزمہ ثناء پٹھانی سے 1 کلو 460 گرام چرس، ملزم عرفان سے 2 کلو 270 گرام چرس، ملزم شیر افضل (بقیہ نمبر 16)

دھمیال پولیس کی کارروائی، قتل میں ملوث دونوں ملزمان گرفتار

ملزمان امان اللہ اور نجیب اللہ نے سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے ظہیر کو قتل کردیا تھا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) فائرنگ سے ایک شخص کے قتل کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر کو ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری کا حکم دیا جس پر دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل میں ملوث دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال کے علاقہ میں فائرنگ سے ایک شخص کے قتل کی اطلاع (بقیہ نمبر 17)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بہترین ٹریفک پلان اور اچھی ڈیوٹی پر تمام افسران وجوانوں کو شاباش

ٹریفک پولیس کے افسران وجوانوں نے شہریوں کی سہولت کیلئے ٹریفک کے بہترین انتظامات فراہم کئے جو قابل تحسین ہیں

فرض شناسی، دیانتداری اور ایمانداری محکمہ پولیس کے تشخص اور وقار کو بحال کرتی ہے، چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر بہترین ٹریفک پلان اور اچھی ڈیوٹی پر ڈیوٹی آفیسر ہیڈکوارٹر سمیت تمام افسران وجوانوں کو شاباش وتعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان نے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ڈیوٹی آفیسر ہیڈکوارٹر امتیاز خان کو بہترین ٹریفک پلان تیار کرنے اور جلوسوں کے (بقیہ نمبر 18)

شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے، کمشنر محمد اجمل بھٹی

گورنمنٹ انبالہ مسلم گریجویٹ کالج کے دو ہزار سے سبزی منڈی روڈ پر پودے لگائے

سرگودہا (ظہور حسین سے) سرگودھا میں پلانٹ فار پاکستان مہم میں گورنمنٹ انبالہ مسلم گریجویٹ کالج کے دو ہزار سے زائد طلباء وطالبات نے کوٹ فرید وسبزی منڈی روڈ پر پودے لگائے اور سرسبز سرگودہا کے خواب کو عملی جامعہ پہنانے کے عزم کا اظہار کیا اس (بقیہ نمبر 19)

سرکاری میڈیکل وڈینٹل کالجز میں داخلوں کی پالیسی تبدیل

حافظ قرآن کو اضافی نمبر نہیں دیے جائیں گے، پنجاب حکومت

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلوں کی پالیسی تبدیل کردی گئی، حافظ قرآن کو اضافی نمبر نہیں دیے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے داخلوں کیلئے حافظ قرآن امیدواروں کے اضافی (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، ایس ایس پی سیف سٹی ڈولفن ایمرجنسی ریسپانس یونٹ کے افسران وجوانوں کو بریفنگ دے رہے ہیں

فاطمہ ہلاکت کیس، پولیس ڈیجیٹل فارنزک شواہد حاصل کرنے میں ناکام

رانی پور (این این آئی) رانی پور میں پیر کے گھر سے مردہ پائی گئی کمسن فاطمہ کے قتل کیس میں پولیس ڈیجیٹل فورنزک شواہد حاصل کرنے میں مکمل ناکام ہوگئی ہے۔ پولیس کی جانب سے تحویل میں لی گئی ڈی وی آر اور لیپ ٹاپ کا ڈیٹا ڈیلیٹ ہوچکا ہے جبکہ تفتیشی افسر ملزم اسد شاہ کے موبائل فون کا ڈیٹا حاصل کرنے میں بھی تاحال ناکام نظر آتے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق حویلی سے تحویل میں (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، اتوار بازاروں میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی کے اتوار بازاروں میں پھلوں اور سبزیوں کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں۔ راولپنڈی میں ادرک 1600 اور لہسن 560 روپے میں فی کلو فروخت ہوا، اتوار بازار میں آلو اور ٹماٹر 100 روپے کلو، پیاز 120، لیموں 160، بھنڈی 120، گوبھی 135 روپے، کریلا 110، توری 120، سبز مرچ 120 روپے میں فی کلو فروخت ہوا۔ سبزیوں کے ساتھ پھلوں کی قیمتیں بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوگئیں (بقیہ نمبر 22)

ایم 9 سوات موٹرویز اور نیشنل ہائی ویز پر اضافی جرمانوں کا اطلاق شروع

نیشنل ہائی ویز اور موٹرویز پر سفر کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو اب نئی شرح سے جرمانہ ادا کرنا ہوں گے

راولپنڈی، منشیات فروشوں کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن میں گرفتار کئے گئے منشیات فروش

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی جانب سے نافذ کیئے گئے نئے جرمانوں کا اطلاق یکم اکتوبر سے ہوگیا ہے۔ ترجمان موٹرویز پولیس کے مطابق ملک بھر کے نیشنل ہائی ویز اور موٹرویز پر سفر کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو اب نئی شرح سے جرمانہ ادا کرنا ہوں گے۔ موٹروے پولیس ذرائع کے مطابق ان جرمانوں کا اطلاق یکم اکتوبر کی رات 12 بجے کر دیا گیا ہے۔ موٹروے پولیس ذرائع کے مطابق جرمانوں کی اس نئی شرح کا اطلاق موٹروے ایم نائن پر سفر کرنے والوں کے لیے نہیں ہے۔ کراچی حیدرآباد کے درمیان سفر کرنے والے شہری خلاف (بقیہ نمبر 23)

سرگودھا میں سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ کے خلاف صارفین سراپا احتجاج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ اور ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف صارفین سراپا احتجاج بن گئے جنہوں نے 24 گھنٹے سوئی گیس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر اور گردونواح میں ایک عرصہ سے سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کے باعث سلنڈر گیس استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔

سرگودھا، مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعات میں دو قتل

سرگودھا (این این آئی) آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعات میں دو افراد کو قتل کر دیا گیا اور ٹریفک حادثہ میں شادی شدہ خاتون جانحق اور نوجوان نے خودکشی کر لی پولیس مقتولین اور متوفین کی نعشیں ورثاء کے سپرد کر کے واقعات میں مصروف ہے۔ سرگودھا میانوالی روڈ کے قصبہ قائد آباد کے علاقہ گولیوالی روڈ پر موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے فائرنگ کر کے احمد شیر کو قتل کر دیا اور فرار ہو گے۔ اسی طرح واں بھچراں کے علاقہ شادیہ شمالی میں فائرنگ کر کے شہری احمد کو قتل کر دیا گیا۔

راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن جاری

ایک ماہ کے دوران 700 کے قریب بڑے اور متحرک منشیات فروش گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن جاری، منشیات کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن میں ایک ماہ کے دوران 700 کے قریب بڑے اور متحرک منشیات فروش گرفتار کئے گئے، (بقیہ نمبر 24)

ڈگری دی میک سکول سسٹم میں محفل میلاد کا اہتمام

طلباء وطالبات نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور ہدیہ نعت پیش کیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری دی میک اسکول سسٹم میں میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں محفل میلاد کا اہتمام کیا گیا محفل میلاد میں طلباء وطالبات نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور ہدیہ نعت پیش کیا اور سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر گفتگو کی اس موقع پر پرنسپل دی میک اسکول سسٹم سر عباس قائم خانی ایڈمنسٹریٹر ایڈوکیٹ (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، کمیٹی چوک میں اتوار بازار سے شہری سبزی خرید رہے ہیں

آئی سی سی آئی کے وفد کا راولپنڈی چیمبر کا دورہ

صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق کو چیئرمین راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی

کلین راولپنڈی کو اپنا ٹارگٹ بنالیا ہے اور اس ٹارگٹ کے حصول تک آرام سے نہیں بیٹھیں گے، احسن ظفر بختاوری

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز احسن ظفر بختاوری کی قیادت میں آئی سی سی آئی کے وفد نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کا دورہ کر کے صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق کو چیئرمین راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی) آر ڈبلیو ایم سی (کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور گلدستے پیش کیے، آر سی سی آئی اور آئی سی سی آئی نے تاجر برادری کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے مشترکہ کوششیں کرنے، دونوں تاجر تنظیموں میں روابط کے فروغ اور اہم امور پر مشاورت کیلئے صدور سمیت 6 ارکان پر مشتمل کمیٹی کے قیام اور ایک دوستانہ کرکٹ میچ بھی کھیلنے پر اتفاق کیا گیا ہے، گزشتہ روز آر سی سی آئی میں ہونیوالی وفود کی سطح (بقیہ نمبر 26)

ہنگو مسجد حملہ، خودکش بمبار الگ الگ دھماکا کرنا چاہتے تھے، ابتدائی تحقیقات

ہنگو (این این آئی) ہنگو مسجد میں خودکش حملے کے حوالے سے ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہنگو مسجد حملہ، خودکش بمبار الگ الگ دھماکا کرنا چاہتے تھے۔ ذرائع کے مطابق خودکش بمبار الگ الگ دھماکے کرنا چاہتے تھے، حملہ آوروں نے فائرنگ کر کے پہلے گیٹ کلیئر کرنا تھا، ایک خودکش حملہ آور مسجد میں دھماکہ کرتا، دوسرا پولیس حکام اور سکیورٹی اہلکاروں کیلئے گھات لگاتا۔ پلان کے مطابق سکیورٹی اہلکاروں کے پہنچنے پر دوسرا دھماکہ کیا جاتا تاکہ زیادہ سے زیادہ نقصان ہوتا ہم گیٹ پر مامور پولیس اہلکاروں نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشتگردوں کا منصوبہ ناکام بنادیا۔

اسلام آباد کے مختلف علاقوں سے 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری، 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 17 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے چرس، ہیروئن اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 17 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم اشفاق مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے تیس لیٹر شراب برآمد کرلی۔

نئی حلقہ بندیاں میں تعلقہ ڈگری کی یونین کونسل پنن نے مسترد کردیں

تعلقہ ڈگری میں سے چھوٹے سے حصے کو کسی اور حلقہ میں ڈالنا ناانصافی ہے

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) الیکشن کمیشن کی نئی حلقہ بندیاں میں تعلقہ ڈگری کی یونین کونسل پنن نے مسترد کردیں تعلقہ ڈگری میں سے چھوٹے سے حصے کو کسی اور حلقہ میں ڈالنا ناانصافی ہے الیکشن کمیشن سے نظرثانی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق تعلقہ ڈگری کی یونین کونسل پنن کی عوام نے الیکشن کمیشن کی نئی حلقہ بندیاں مسترد کردیں اس حوالے (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، جہلم روڈ پر ایک محنت کش گاہکوں کیلئے گلدان سجانے میں مصروف ہے

مہمند لویہ جرگہ رجسٹرڈ کی طف گوجرخان میں کیبنٹ تشکیل میٹنگ کا انعقاد

میٹنگ کا انعقاد صدر خان بہادر کی سربراہی میں کیا گیا، گوجرخان کے مہمند برادری نے شرکت کی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تفصیلات کے مطابق مہمند لویہ جرگہ رجسٹرڈ پاکستان صدر خان بہادر فائنانس سیکرٹری محمد علی شنواری نائب صدر روح الامین شنواری اور دیگر عہدے داران کی سرپرستی میں گوجرخان میں مہمند لویہ جرگہ کیبنٹ کی تشکیل دی گئی۔ ایم ایل جے کی جانب سے کیبنٹ گوجرخان کی تشکیل میں عہدے داران کو اہم ذمہ داریاں دی گئی صدر خان بہادر نے جرگہ میں تمام شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس جرگے کا اہم مقصد صرف اور صرف اپنے غریب بھائیوں کے لیے فلاح و بہبود کے کام کرنا (بقیہ نمبر 28)